بسم اللہ الرحمن الرحیم

اللھم صلی علی سیدنا، ومولانا، ونبینا، ورحمتنا، ومرشدنا محمد و علی اٰلہ واصحابہ وبارک وسلم

نظریہ سکونِ زمین، اور دفاعِ فوز مبین

امام احمد رضا خان بریلوی علیہ الرحمہ کا رسالہ بنام "فوز مبین در رد حرکتِ زمین" اور نظریہ سکونِ زمین کے دفاع میں، نیوٹن کی تھیوری آف گریویٹیشن، سینٹری فیوگل فورس، ماس، وزن اور ناسا کی خلائی ویڈیوز پر کلام

محمد رئیس علوی قادری اشرفی

ادارہ فیضانِ صُفہ

گجرات، پاکستان

اللہ رب العزت کی حمد و ثناء کہ جو قادر ہے اس پر کہ بغیر کسی سہارے کے اٹھا رکھے آسمان کو اور بنائے زمین کو ہمارے لیے ساکن بچھونا، اور جس کی قدرت، فہم اور اسرار کے سامنے ہیچ ہے ہر کسی قسم کی سائنس و فلسفہ۔ درود بر باعثِ وجودِ درود کہ جس کے فیض سے علومِ عقلیہ و نقلیہ عطا ہوا اور جس کے وسیلہ جلیلہ سے اسلام کو سائنس پر غلبہ ملا۔

مقالہ ہذا مختصر سا خلاصہ ہے سکونِ زمین کے دلائل کے تعارف اور فوز مبین پر کیے جانے والے اعتراضات کا۔ بنیادی طور پر نیوٹن کی تھیوری آف گریویٹیشن، سینٹری فیوگل فورس، وزن، ماس، سکون زمین کے بارے ماڈرن سائنسدانوں کی آرائیں اور حرکتِ زمین کے حق میں پیش کی جانے والی ویڈیوز پر کلام ہے۔

مذہب اور سائنس

ذہنی غلامی کی حد یہاں تک پہنچی کہ سائنس کو اسلام کے تابع بیان کرنے کی بجائے اسلام کو سائنس کے تابع بیان کیا جانے لگا، اور خدشہ یہ ہوا کہ کہیں معاذاللہ اسلام سائنس کے مطابق بیان نہ ہوا تو اسلام کی حقانیت اور صداقت پر حرف آئے گا (حالانکہ تمام آسمانی کتب و مذاہب میں سائنسی نظریات ایک جیسے ہیں)۔ اور اس پر طرفہ یہ کہ ایسا کرنے پر خود کو اسلام کا حقیقی ترجمان سمجھا جانے لگا اور اس پر جدید علم سے واقفیت کا غرور ہوا۔

چونکہ سائنس ہر روز بدلتی رہتی ہے اور اس کی بنیاد مشاہدات اور فارمولوں پر ہوتی ہے اس لیے اس کا معتبر ہونا کسی قدر کم ہے اس علم سے جو وحی سے حاصل ہوتا ہے۔ اب سوال یہ ہے کہ وحی کا علم مانا جائے یا نہیں؟ تو اس میں دو بڑی آرائیں ہیں۔ پہلی یہ کہ آپ کا دین کیا کہتا ہے، اگر اسلام کے مطابق قرآن و سنت کو نہ مانا جائے تو پھر تو مسلمان ہی نہیں، اور اگر مسلمان ہیں تو یہ ماننا لازمی ہے۔ دوسری آرا یہ ہے کہ مذہب کا سائنس سے کوئی تعلق نہیں اور مذہب کی حیثیت ایک بیڑی اور ایک نشہ کی سی ہے اور سائنس اس مذہب پر مقدم یا الگ ہے۔ اب مسلمان ہونے کے ناطے کس آرا کو چنا جائے، یہ بالکل واضح ہے۔ اگر تو دین سائنس کو ڈیل نہیں کرتا تو یہ نامکمل ہے اور اگر اسلام نامکمل ہے تو پھر اس کو کیوں اپنایا جائے؟ اور اگر اسلام سائنس کو ڈیل نہیں کرتا تو پھر اسلام کو سائنس کے تابع کیوں بیان کیا جاتا ہے؟ اسی طرح بائبل کی عبارات کو سائنس کے ساتھ کیوں جوڑا جاتا ہے؟ جس کی مثال گلیلیو کی مذہبی مخالفت ہے۔ اور اگر سائنس کا تعلق مذہب سے نہ ہو تو سائنسی نظریات کا مذہب کے خلاف ہونے سے مذہب کی حقانیت پر اعتراض کیوں؟ اس سے معلوم ہوا کہ یہ تو سب جانتے ہیں کہ مذہب اور سائنس کا ایک گہرا تعلق ہے اور ہر زمانہ میں رہا ہے، ہاں مگر اسے مانتا کوئی کوئی ہی ہے۔ جب یہ واضح ہو گیا کہ اسلام کا سائنس کے ساتھ گہرا تعلق ہے جس کا ثبوت یہ کہ قرآن و سنت میں جابجا فزیکل، کیمیکل اور بائیولوجیکل سائنسز کا ذکر ملتا ہے۔ اب ایک نکتہ ذہن میں رکھیے کہ چونکہ مذہب مقدم ہے، اس لیے مذہبی نظریہ لیا جائے اور اس پر سائنسی دلائل دیے جائیں گے نا کہ سائنسی نظریہ کو ثابت کرنے کے لیے مذہبی عبارات کی من مانی تشریحات کی جائیں گی۔ اس نکتہ کو نہ سمجھنا اصل فساد ہے۔ کیونکہ اس طرح بہت سے اسلامی عقائد ہیں جو سائنس نہیں مانتی، تو کیا ان کا انکار کر کے اسلام کے دائرے سے خارج ہو جائیں؟ اور کسی سائنسی نظریہ کا مذہب کی تائید نہ کرنا مذہب کو غلط ثابت نہیں کرتا اس لیے کہ سائنس بدلتی رہتی ہے، ہو سکتا ہے کل کو سائنس میں کوئی ایسی تبدیلی آئے جو آج کی سائنس کو غلط (مثلاً نیوٹن کی

تھیوری آف گریوٹیشن کا آئن سٹائن سے اختلاف اور ایٹم کے بارے بدلتے نظریات) اور مذہب کو درست قرار دے اور ایسا ہوتا بھی رہا ہے۔ اس کے علاوہ بھی اس پر بحث ہو سکتی ہے مگر یہ موضوع نہیں۔

حالیہ ایام میں بھی اسلام کے نظریہ سکونِ زمین اور سائنس کے ایک نافذ کئے گئے تصورِ حرکتِ زمین کو لے کر سوشل میڈیا اور دیگر فورمز پر عجب بحث جاری ہے۔ اسلام کے مطابق زمین و آسمان ساکن جبکہ سائنس کے کچھ پہلوؤں کے مطابق زمین محرک ہے، جبکہ جدید سائنس کے دیگر پہلوؤں کے مطابق بھی حرکتِ زمین کا تصور باطل ہے، اور اس کی وجہ یہ ہے کہ حرکتِ زمین بہت سے سوالات کا جواب دینے سے قاصر ہے جو کہ سکونِ زمین کی تائید کرتے ہیں۔ ایک چیز ذہن نشین کر لیجیے کہ چونکہ قرآن و سنت تمام عالم کے لیے اور تا قیامت سرچشمہ ہدایت ہے، اس لیے کچھ مسائل میں زمانہ کی مناسبت اور جدت کے پیشِ نظر ردوبدل ممکن ہے اور ہوتا بھی رہتا ہے، لیکن اگر کوئی مسئلہ قرآن و سنت میں واضح ہو اور اس پر اجماع امت ہو، اور زمانہ قدیم کے علماء اور سائنسدان بھی اس مسئلہ کی تائید کرتے ہوں اور زمانہ جدید کے دلائل اور سائنسدانوں میں سے کوئی گروہ اس کی تائید کرتے ہوں تو اس مسئلہ کو تسلیم کرنے میں کسی قسم کا حرج نہیں ہونا چاہیے۔ اور جب واضح ہے حرکت زمین کے بارے دو بڑے گروہ سائنس میں موجود ہیں جن میں سے ایک سکونِ ارض کا قائل ہے جبکہ دوسرا حرکت کا اور عقلی و ریاضیاتی دلائل بھی سکون کی تائید کرتے ہیں تو پھر سکونِ زمین کو مان لینے میں کیا حرج ہے؟ سوائے اس کے کہ مولوی صاحبان کی بات تسلیم کرنا پڑے گی جو کہ فی زمانہ انتہائی مشکل امر ہے۔ ایک اور امر قابلِ توجہ ہے کہ دورِ حاضر میں کچھ مذہبی لوگ بھی حرکتِ زمین کے حق میں آیات کی من مانی تشریحات کرتے ہیں جن کی تحقیقی، منطقی، اور اسنادی حیثیت بہت کمزور ہے، اور ایسی تشریحات کرنا اسلامی اصول ضوابط اور علم و تحقیق، متعلقہ احادیث و تفاسیر سے عاری ہونے کی طرف اشارہ ہے۔ چونکہ یہ خالص اسلامی بحث ہے اور اس مقالہ کا موضوع نہیں اس لیے اس موضوع کے لیے قارئین کو سیدی اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خان بریلوی رحمتہ اللہ علیہ کا رسالہ بنام "نزول آیاتِ فرقان بسکونِ زمین و آسمان (زمین اور آسمان کے ساکن ہونے کے بارے میں حق و باطل کے درمیان فرق کرنے والی (قرآن مجید کی) آیتوں کا نازل ہونا)" ضرور پڑھنا چاہیے۔

سکونِ زمین اور فوزِ مبین پر اعتراضات کی حقیقت

بجائے اس کے کہ نظریہ سکونِ زمین کی مخالفت کی وجوہات بیان کی جائیں، موضوع پر رہتے ہوئے سکونِ زمین کی تائید میں دلائل کا مختصر خاکہ پیش کیا جائے گا، جو کہ خالص عقلی و ریاضیاتی ہوں گے تاکہ جو مخالفین سائنس کو قرآن و سنت سے مقدم سمجھتے اور اسی کو حرفِ آخر سمجھتے ہیں ان کو جواب دیا جا سکے۔

مسئلہ چونکہ سیدی اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خان بریلوی رحمتہ اللہ علیہ کے رسالہ "فوزِ مبین در رد حرکتِ زمین" سے شروع ہوا اس لیے کچھ دلائل اسی رسالہ میں سے دیے جائیں جاتے ہیں اور تھوڑا سا تبصرہ کیا جاتا ہے۔ لیکن اس سے پہلے اس رسالہ کا تعارف ملاحظہ کر لیجیے۔

یہ رسالہ مسمی بنام تاریخ فوزِ مبین در ردِّ حرکت زمین (۱۳۳۸ھ) ایک مقدمہ اور چار فصل اور ایک خاتمہ پر مشمل۔ مقدمہ: میں مقررات ہیأت جدیدہ کا بیان ہے (یعنی جدید سائنس کے کچھ اصول و قوانین) جن سے اس رسالہ میں کام لیا گیا۔ فصل اول: میں نافریت (سینٹری فیوگل فورس) پر بحث اور اُس سے ابطالِ حرکت زمین پر بارہ دلیلیں۔ فصل دوم میں جاذبیت (کشش ثقل، گریوٹیشن) پر کلام اور اس سے بطلان حرکت زمین پر پچاس دلیلیں۔ فصل سوم میں خود حرکت زمین کے ابطال (رد) پر اور تینتالیس دلیلیں یہ بحمدہ تعالیٰ بطلان حرکت زمین پر ایک سو پانچ دلیلیں ہوئیں جن میں پندرہ اگلی کتابوں کی ہیں جن کی اصلاح و تصحیح مصنف نے کی، اور پورے نوے دلائل نہایت روشن و کامل بفضلہ تعالیٰ خاص مصنف کی ایجاد ہیں۔ فصل چہارم میں ان شبہات کا رد جو ہیات جدیدہ اثبات حرکت زمین میں پیش کرتی ہے (حرکتِ زمین کے قائلین کے دلائل کا رد)۔ خاتمہ میں کتبِ الٰہیہ سے گردشِ آفتاب وسکونِ زمین کا ثبوت والحمد للہ مالکِ الملکِ والملکوت۔ 1

چونکہ یہ رسالہ ذرا ثقیل زبان میں ہے اور جدید سائنس کی اصطلاحات بھی اردو میں ہیں تو اس لیے عصر حاضر کے انگریزی کے ماحول میں پلے بڑھے افراد کے لیے اس کا سمجھنا تو در کنار، اس کا پڑھنا ہی ایک مشکل امر ہے۔ اس لیے متعدد معترضین اس پر طرح طرح کے اعتراضات کرتے دکھائی دیتے ہیں اور مزے کی بات کہ وہ بھی بغیر اسے پڑھے اور سمجھے۔

ایک اعتراض کا ازالہ کرتا چلوں کہ ہم کہتے ہیں ابھی تک اس رسالہ کا انکار نہیں کیا جاسکا اور نہ ہی اس کے دلائل کو رد کیا گیا ہے، لیکن معترضین کا کہنا ہے کہ چونکہ یہ انتہائی طفلانہ نظریہ ہے کہ آج کے جدید دور میں بھی کوئی حرکتِ زمین کو نہ مانے، اس لیے اس کو طفلانہ سمجھتے ہوئے کسی نے اس کو اہم ہی نہیں سمجھا۔ اچھا جی؟ صحیح ہو گیا، مخالفین و معترضین کی جہالت اور کم علمی کا ایک اور ثبوت آگیا۔ اگر رسالہ اتنا اہم ہی نہیں تو پھر معترضین کے پیٹ میں آئے روز مروڑ کیوں اٹھتے ہیں کہ کوئی نہ کوئی بے ہودہ اور تحقیق و علم سے عاری اعتراض لیے کڑھتے رہتے ہیں؟ اگر اتنا ہی طفلانہ ہے تو اس پر اتنی بحث کیوں؟ ایک دفعہ ہی اس طفلانہ تحقیق کا ایک ہی دفعہ معتبر و مستند جواب دیا جائے اور اس کے حامیوں کا منہ بند کیا جائے۔ اور اس پر عجب یہ کہ اس کو طفلانہ قرار دینے والوں سے جب استفسار کیا جائے کہ اس رسالہ کا خلاصہ ہی بیان کر دیں یا اوپر سے دیکھ کر ہی پڑھیں اور اس کی سطور سمجھا دیں تو ان کا علمی مقام بخوبی نظر آنے لگتا ہے۔ جو اوپر سے دیکھ کے پڑھ نہ سکے اور اس کو سمجھ نہ سکے وہ اس رسالہ کے بارے میں کیا اعتراض کرے گا؟ حقیقت یہ ہے کہ ابھی یہ طفلانہ تحقیق ہے تو اس کا جواب نہیں بن پا رہا تو اس سے آگے کی تحقیق معترضین کے سامنے آئے گی بھی کیسے؟ اس رسالہ کا علمی و تحقیقی مقام کیا ہے یہ وہ ہی جانتے ہیں جو قدیم اور جدید فزکس، ریاضی اور آسٹرونومی کو کسی حد تک جانتے ہیں۔ اس رسالہ کی اہمیت کے بارے میں فقط اتنا لکھا جاتا ہے کہ اس رسالہ یعنی فوز مبین اور اس کے مصنف کو فزکس کے نامور سائنسدان، اعلیٰ اور پائے کی تحقیق قرار دے چکے ہیں۔ ان میں ڈاکٹر عبد القدیر خان صاحب اور قادیانی سائنسدان اور نوبل پرائز ہولڈر ڈاکٹر عبد السلام بھی شامل ہیں۔

ڈاکٹر عبد القدیر خان صاحب کے مطابق:

"اعلیٰ حضرت مولانا احمد رضا خان بریلوی نے لاتعداد سائنسی موضوعات پر مضامین و مقالے لکھے ہیں۔ آپ نے تخلیق انسانی، بائیو ٹیکنالوجی و جنیٹکس، الٹرا ساؤنڈ مشین کے اصول کی تشریح، پی زو الیکٹرک کی وضاحت، ٹیلی کمیو نیکیشن کی وضاحت، فلوڈ ڈائنامکس کی تشریح، ٹوپولوجی (ریاضی کا مضمون)، زمین، چاند و سورج کی گردش، میٹرالوجی (چٹانوں کی ابتدائی ساخت)، دھاتوں کی تعریف، کورال (مرجان کی ساخت کی تفصیل)، زلزلوں کی وجوہات، مدّو جزر کی وجوہات، وغیرہ تفصیل سے بیان کی ہیں۔

حقیقت یہ ہے کہ مولانا احمد رضا خان بریلوی اپنے دور کے فقیہ، مفتی، محدّث، مُفسر، معلم، اعلیٰ مصنف تھے۔ جب آپ ان کی تحریروں اور مقالہ جات کا مطالعہ کریں تو احساس ہو گا کہ آپ اپنے وقت سے بہت پہلے دنیا میں تشریف لے آئے تھے اور جن علوم پر تفصیلی مقالے لکھے ہیں وہ بہت عرصے کے بعد عوام کی سمجھ میں آئے ہیں۔ اللہ پاک ان کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے۔ آمین "2

رفیق منگلا صاحب کی کتاب کی تقریظ میں ڈاکٹر عبد لقدیر خان صاحب لکھتے ہیں:

"نیوٹن کے قانونِ تجاذب کو دنیا تقریباً ساڑھے تین سو سال سے سچ تسلیم کیے ہوئی ہے۔ ساڑھے تین سو سال کے اس طویل عرصے میں امام احمد رضا خان صاحب رحمتہ اللہ علیہ کی اکیلی شخصیت ہی نے 1919ء میں اس قانون کا غلط لکھا اور اپنے سے بعد میں آنے والوں کے لیے اس قانون پر کافی تحریر چھوڑی۔"

سرگودھا یونیورسٹی کے سابقہ وائس چانسلر، پروفیسر ڈاکٹر محمد علی لکھتے ہیں:

"اب اس میدان میں امام احمد رضا خان صاحب رحمتہ اللہ علیہ اور ضلع سرگودھا کی ایک عظیم شخصیت محمد رفیق صاحب کی بھی شامل ہو چکی ہے، جو امام احمد رضا خان صاحب رحمتہ اللہ علیہ کی ریسرچ اور اپنی ریسرچ سے نیوٹن کے قانونِ تجاذب اور مرکز گریز قوت (سینٹری فیوگل فورس)، کیپلر کے قوانین کو غلط ثابت کر چکے ہیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ چونکہ محمد رفیق صاحب امام احمد رضا خان صاحب رحمتہ اللہ علیہ کی ریسرچ اور اپنی ریسرچ سے یہ عظیم کارنامہ سرانجام دے کر ایک ورلڈ ریکارڈ قائم کر چکے ہیں۔ اس لیے میں محمد رفیق صاحب کو اس عظیم کارنامہ پر اپنی طرف سے اور یونیورسٹی آف سرگودھا کی طرف سے دل کی اتھا گہرائیوں سے خراجِ تحسین پیش کرتا ہوں۔

اسی طرح رفیق منگلا صاحب کی کتاب میں دیگر اہلِ علم حضرات کے تاثرات دیکھے جا سکتے ہیں۔ 3

پروفیسر ابرار صاحب کی مولانا احمد رضا خان رحمتہ اللہ علیہ کے ریاضیاتی پہلو پر کافی نظر ہے اور مولانا کی ایک اور تصنیف "الدولتہ المکیہ بالمادۃ الغیبیہ" پر تبصرہ کرتے ہوئے بھی پروفیسر صاحب نے مولانا کی ریاضاتی جہت کو کافی سراہا ہے بالخصوص جس طرز سے مولانا نے علم غیب کا مسئلہ سمجھانے کے لیے ریاضی کے نظریات کا استعمال کیا۔ یہی پروفیسر ابرار صاحب لکھتے ہیں:

"اعلیٰ حضرت علیہ الرحمہ کی ضرب دراصل نیوٹن کے نظریات پر ہے، اعلیٰ حضرت علیہ الرحمہ کی تحریر کو سرسری نظر سے دیکھ کر رد کر دینا میرے خیال میں غیر سائنسی فعل ہے خصوصاًاس صورت میں جب نامور سائنس دان بھی اس قسم کے نظریات آج بھی رکھتے ہوں"4

جہاں تک فقیر (محمد رئیس علوی قادری اشرفی) کا علم ہے، یہ پروفیسر ابرار صاحب گورنمنٹ کالج راولپنڈی میں تدریسی خدمات دیتے رہے ہیں، واللہ اعلم۔

ہمدرد فاؤنڈیشن جو کہ دیسی، یونانی، نباتاتی ادویات کا معتبر ادارہ ہے، اس کے چیئرمین، حکیم محمد سعید صاحب مرحوم نے لکھا:

"فاضلِ بریلوی کے فتاویٰ کی خصوصیت یہ ہے کہ وہ احکام کی گہرائیوں تک پہنچنے کے لیے سائنس اور طب کے تمام وسائل سے کام لیتے ہیں اور اس حقیقت سے اچھی طرح باخبر ہیں کہ کس لفظ کی معنویت کی تحقیق کے لیے کن علمی مصادر کی طرف رجوع کرنا چاہیے۔"5

ڈاکٹر عبدالسلام قادیانی نے فوز مبین پڑھنے کے بعد کہا:

"مجھے خوشی ہوئی کہ مولانا نے اپنے دلائل میں لوجیکل اور ایگزیومیٹک پہلو کو مدنظر رکھا"6

یہاں پر ایک بات کلئیر کرتا چلوں کہ ڈاکٹر عبدالسلام کا یہ بیانیہ ایک کتاب بنام "امام احمد رضا اور سائنسی تحقیق" میں موجود ایک آرٹیکل جس کا عنوان "علوم سائنس اور امام احمد رضا علیہ الرحمہ" ہے، اور اس کو لکھنے والے جناب شاہ محمد تبریزی قادری ہیں، میں ملا اور اس پر مزید تحقیق نہ کر سکا۔ اس لیے اس بیانیہ کے بارے میں ببانگِ دہل ابھی کچھ نہیں کہہ سکتا، اس کی وجہ یہ بھی ہے کہ اسی آرٹیکل میں آگے جا کر موصوف لکھنے والے لکھتے ہیں "ممتاز برطانوی سائنسدان اور قوانینِ حرکت کا موجد، نیوٹن، امام احمد رضا علیہ الرحمہ کا ہم عصر تھا"۔ حالانکہ نیوٹن سترہویں صدی میں اور امام صاحب بیسویں صدی میں ہوئے۔ اس تبصرے کا مقصد ہرگز ان لکھنے والے صاحب پر تنقید نہیں بلکہ ڈاکٹر عبدالسلام کے بیانیہ کے بارے میں اپنے شکوک پیش کرنا ہے، ورنہ یہ آرٹیکل انتہائی مفید معلومات پر مشتمل ہے۔

اس کے علاوہ بھی فقیر کی نظر میں بیسیوں مقالات و تاثرات ہیں جو یہاں پے پیش نہیں کیے جاسکتے بوجہ طوالتِ تحریر۔ جس کو شوق ہو تو وہ انٹرنیٹ پر اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خان کی سائنسی خدمات سے متعلقہ کی ورڈز استعمال کرتے ہوئے دیکھ سکتا ہے۔

ایک معترض نے تو حد ہی پار کر دی، اعتراض یہ تھا کہ اس رسالہ میں مصنف نے حرکتِ زمین کا تو رد ہی نہیں کیا بلکہ فقط گریویٹیشن کا رد کیا ہے۔ اب ان کی کسمپرسی کا عالم نمایاں ہو گیا۔ پہلی بات تو یہ ہے کہ اوپر اس رسالہ کا تعارف لکھا گیا ہے اس کو دوبارہ پڑھیے، 105 دلائل ہیں سب کے سب سکونِ زمین کے حق میں اور حرکتِ زمین کو باطل قرار دینے والے، مگر، مختلف اسبابِ حرکت اور مشتملاتِ حرکت کو رد کرتے ہوئے، یعنی جب حرکت کی بنیاد ہی گریویٹی بتائی جاتی ہے اور سرکلر موشن میں نافریت یا سینٹری فیوگل فورس کو لازمی قرار دیا جاتا ہے تو مصنف بھی انہی بنیادوں کو رد کرے گا تو

حرکت بدرجہ اولیٰ مردود ہوگی۔یعنی حرکتِ زمین کا مین پلریا ستون ہی نیوٹن کی تھیوری آف گریوی ٹیشن ہے تو ظاہر ہے اس کو رد کیا جائے گا تو حرکت کا بھی رد ہوگا کہ سببِ حرکت کا رد ہونا حرکت کا رد ہونا ہے، مگر

؎ عقل ہوتی تو خدا سے نا لڑائی لیتے

فوز مبین اور گریوٹیشن، ماس اور وزن کا تصور

چونکہ نظریہ حرکتِ زمین کی بنیاد نیوٹن کی تھیوری آف گریوٹیشن (حقیقت میں ایک تھیوری ہے، اس کو قانون کہنا مبنی بر انصاف نہیں) پر ہے، اس لیے پہلے سرسری سی نظر اس پر ڈالی جاتی ہے۔ اس تھیوری کو جدید سائنس نے بھی مختلف طرح سے واضح کیا۔ اگرچہ یہ سب مانتے ہیں کہ اس تھیوری کے مطابق کائنات کا ہر ذرا دوسرے کو کھینچتا ہے اور ان کے درمیان نسبت اور تعلق اس مساوات سے واضح کیا جاتا۔

$$F = \frac{Gm_1m_2}{r^2}$$

لیکن جب زمین کی بات آتی ہے تو اسی سائنس کی طرف سے غلطی یہ کی جاتی ہے کہ زمین ہر چیز کو اپنی طرف کھینچتی ہے اور جس قوت سے کھینچتی ہے اس کو وزن کہتے ہیں، غور کریں تو یہ غلط بیانی ہے، چونکہ گریوٹیشن ایک باہمی قوت ہے یعنی دونوں ایک دوسرں کو کشش کرتے ہیں اس لیے فقط زمین ہی نہیں کشش کرتی بلکہ جو چیز زمین پر گر رہی ہے وہ بھی کرتی ہے۔ اس کے جواب میں یہ کہا جاتا ہے کہ چونکہ زمین کی طرف آنے والے چیز زمین کے لحاظ سے انتہائی چھوٹی (ہلکی) ہے اس لے وہ اتنی کم قوت سے کشش کرتی ہے کہ اس کی قوت کو تصور نہیں کیا جاتا اور یہ جملہ کہا جاتا ہے کہ زمیں کشش کر رہی ہے۔ یہ اصل میں دوسری غلط بیانی ہے، اس لیے کہ اسی سائنس میں نیوٹن کے تیسرے قانون کے مطابق ہر عمل کا ردعمل مقدار میں برابر مگر مخالف سمت میں ہوتا ہے، جس سے صاف واضح ہے کہ جتنی قوت زمین اس گرنے والی چیز پر لگا رہی ہے اتنی ہی وہ بھی زمین پر لگائے گی اور پاکستان کی بارہویں جماعت کی فزکس کے چیپٹر نمبر ایک میں الیکٹروسٹیٹکس کے تحت اسے حسابی طور پر ثابت بھی کیا گیا۔ وہاں اگرچہ اسے الیکٹروسٹیٹکس کے لیے ثابت کیا گیا ہے مگر یہی گریویٹشن کے لیے بھی ثابت ہوتا ہے۔ ایک نکتہ یہ آیا کہ اگر وہ چیز بھی زمین پر اتنی قوت ہی لگاتی ہے تو زمین اس کی طرف حرکت کیوں نہیں کرتی؟ اس کا جواب یہ دیا گیا زمین بھی حرکت کرتی ہے مگر اس کا ایکسلریشن بہت کم ہوتا ہے اس لیے اس کی حرکت نہ ہونے کے برابر ہے، یا دوسرے الفاظ میں کہ چونکہ زمین کا ماس زیادہ ہے اس لیے اس پر یہ تھوڑی سی قوت عمل نہیں کرے گی اور اس کا انرشیا زیادہ ہونے کی وجہ سے اس کی مزاحمت بھی زیادہ ہوگی۔ پھر سوال اٹھا کہ جب زمین کا ماس اتنا زیادہ ہے تو نیوٹن کی تھیوری اور مساوات کے مطابق تو اس کو بہت زیادہ قوت لگانی چاہیے۔ مگر اس کا جواب بھی آگیا، اور وہ یہ کہ زمین ہر چیز کو اس کے ماس کے مطابق کشش کرتی ہے اور اس میں ایک خاص نسبت پائی جاتی ہے جس کو گریوٹیشنل اسراع یا ایکسلریشن بھی کہتے ہیں (یاد رہے کہ g ایکسلریشن کی صورت میں بھی ہے اور زمین کی طرف سے لگائی جانے والی نسبتی فورس بھی ہے) اور اس کو g سے ظاہر کرتے ہیں اور اس کی قیمت 9.8 N / Kg ہے، یعنی زمین ایک کلوگرام کے ماس پر 9.8 N کی قوت لگاتی ہے اسی نسبت سے 10 کلوگرام پر 98 N کی قوت لگاتی ہے۔ اب یہاں پر پھر وہی پہلے والی بات آگئی کہ زمین قوت لگاتی ہے، حالانکہ یہ قوت باہمی ہے صرف زمین کی

قوت کا ذکر کرنا اور مخالف قوت کو بھول جانا انتہائی غلط بات ہے، بلکہ بات بالکل سیدھی کہ جتنا ماس زیادہ ہو گا باہمی گریوی ٹیشن کی قوت زیادہ ہو گی نہ کہ صرف زمین کی قوتِ کشش۔ یعنی اس میں اس جسم کو بھی مد نظر رکھنا چاہیے جو زمین کی طرف آرہا ہے اور اس جسم کو مجذوب کہا جاتا ہے یعنی جس کو جذب کیا جارہا ہے اور جذب کو جدید اصطاح میں گریوی ٹیشن یا کشش ثقل کہا جاتا ہے۔ یہ نکتہ فوز مبین کے مصنف مولانا امام احمد رضا خان بریلوی رحمۃ اللہ علیہ نے اٹھایا کہ اگر زمین کا کھینچنا مانا جائے اور اس طرح مانا جائے کہ زمین مادہ مجذوب یا مجذوب کا ماس دیکھ کر کشش کرتی ہے تو اس میں زمین کا ادراک پایا جاتا ہے کہ مخالف کو دیکھ کر اس پر قوت لگانا، جو کہ ایک ذی روح کی خصوصیت ہے اور زمین جیسی بے جان چیز کے لیے محال ہے۔ اور دوسری بات کے اگر اس طرح بات کی جائے کہ ماس کو دیکھ کر قوت لگاتی ہے تو پھر تو نیوٹن کی مساوات کی ضرورت نہیں کہ جو زمین فاصلہ کے مربع کے لحاظ سے کشش میں کمی کرتی ہے وہ دور والے جسم پر زیادہ لگائے اور قریب والے پے کم لگائے تو سب کو ایک ہی وقت میں ہی نیچے لائے کیونکہ وہ صاحبِ ادراک کی کیٹیگری میں شامل کیا گیا ہے۔ فوز مبین میں یہ کلام کافی طویل ہے اور وہاں اس کا سیاق و سباق اور وجوہاتِ بیان دیکھی جاسکتی ہیں۔ لیکن اس طرح کی گفتگو جدید سائنس کے ماننے والے بھی پسند نہیں کریں گے اور زمین کے بارے میں اس طرح کے نظریہ کی مخالفت کرتے ہوئے یہ کہیں گے اس طرح بات کر کے زمین کی تھیوری آف گریوی ٹیشن کو غلط سمجھا جاتا ہے، اور یہی حقیقت بھی ہے۔ اور اصل نظریہ یہی ہے کہ زمین بھی کشش کرتی ہے اور مجذوب بھی قوت لگاتا ہے اور اس طرح یہ ایک باہمی قوت ہے جو کہ مجذوب کے ماس کے زیادہ ہونے سے زیادہ ہو گی اور فاصلہ کے مربع کے لحاظ سے، فاصلہ زیادہ ہونے سے کم ہو گا، بات سادہ سی ہے مگر اس کے سمجھنے میں جدید سائنس والے بھی غلطی کر جاتے ہیں اور اسی غلطی کو اپنے نصاب میں بھی شامل کر لیتے ہیں کہ وہ قوت جس سے زمین کسی چیز کو اپنی طرف کھینچتی ہے، اس کو وزن کہا جاتا ہے۔ اس کو تبدیل کر کے اس طرح کہا جاسکتا ہے کہ وہ قوت جو زمین کسی چیز پر لگاتی ہے اس کو وزن کہا جاتا ہے اور جتنا اس چیز کا ماس زیادہ ہو گا، اتنا ہی اس پر قوت زیادہ لگے گی، اس لیے وزن زیادہ ہو گا (کچھ کتب میں ایسی لکھا ہو املا بھی، مگر نصابی کتب میں ایسا نہیں)۔ مگر بات پھر وہی کہ اس پر قوت زیادہ کیوں لگے گی؟ قوت لگانے والی تو زمین ہی ہے جو ایک ہی ہے بڑے اجسام کے لیے بھی اور چھوٹے کے لیے بھی، یعنی جو زمین چھوٹے پر قوت لگائے گی وہی بڑے جسم پر بھی لگائے گی تو زمین کی طرف سے لگنے والی قوت کانسٹنٹ رہے گی جب تک اسے صاحبِ ادراک نہ مانا جائے۔ اور پھر بات قوتِ باہمی پر ہی آگئی اور نیوٹن کے تیسرے قانون پر آگئی، کہ زمین کا ماس بہت زیادہ ہے اور اس کی طرف سے لگائے جانے والی قوت کی مقدار اس قوت کے برابر ہو گی جو مجذوب زمین پر لگا رہا ہو گا مگر سمت میں مخالف ہو گی۔ اس کو مدِ نظر رکھتے ہوئے ایک اور اعتراض بنتا ہے کہ اگر دونوں جانب سے لگائی جانے والی قوت برابر اور سمت میں مخالف ہے تو وہ چیز زمین پر کیوں گرتی ہے؟ وہ بھی تو زمین پر اتنی ہی قوت لگا رہی ہے جتنی زمین اس پر، لیکن اس کا زمین کی طرف آنا یہ ثابت کرتا ہے کہ زمین اس پر زیادہ قوت لگا رہی ہے اور اپنی طرف کھینچ لیتی ہے۔ یہ بات بہت سادہ سی ہے اس لیے مختلف زاویوں سے کی گئی اور دہرائی گئی۔ اس بحث کی ضرورت اس لیے پیش آئی کہ یہ بات اس وقت کی اور دورِ حاضر کی جدید سائنس کی کتابوں میں غلط طرز سے لکھی ہوئی ہے جس میں فقط زمین کا کشش یا اٹریکٹ کرنا ذہن میں آتا تھا (اس کے علاوہ وجوہات بھی ہیں جو آئندہ ماس اور وزن کی بحث میں بیان کی جائیں گی)، مثال کے طور پر ذیل میں دی گئی عبارت دیکھیے:

(۱۱) جذب (کشش) (عہ ا) بحسب مادہ مجذوب (زمین کی طرف آنے والی چیز کے ماس کے مطابق) ہے، دس جز کا جسم جتنی طاقت سے کھینچے گا سو (۱۰۰) جز کا اس کی دو چند سے۔ اگر تم ایک سیر اور دوسرے دس سیر کے جسم کو برابر عرصے میں کھنیچنا چاہو تو کیا دس سیر کو دس گنے زور سے نہ کھینچو گے۔ (عہ ا: اصول علم طبعی، صفحہ 11) 7

یہ عبارت اصولِ طبعی کے صفحہ 11 سے لی گئی ہے، اور اس میں واضح طور پر فقط کشش زمین کو بیان کیا گیا اور دوبارہ ادراک کا تصور پایا گیا، اگرچہ قوتِ کشش سے منسلک دونوں اجسام کو مد نظر رکھتے ہوئے یہ بات نیوٹن کی تھیوری آف گریویٹیشن کے مطابق ہے۔ اور اس کو مصنف مذکور نے بھی اسی طرح کہا کہ بات ٹھیک دی مگر طرز بیان غلط ہے (ٹھیک اس وقت ہے جب باہمی قوت مانی جائے اور نیوٹن کے تیسرے قانون کو اس قوت کے لیے نہ مانا جائے کہ ہر ایک ماس کی اپنی انفرادی قوت ہوتی ہے اور وہ وہی لگاتا ہے)۔ اب اس قسم کے طرزِ بیان سے بہتر کلام کیا اور کہا کہ:

۱۲) جذب (عہ ا) اگرچہ باختلاف مادہ مجذوب مختلف ہوتا ہے مگر جاذب واحد مثلاً زمین کے جذب کا اثر تمام مجذوبات صغیر وکبیر پر یکساں ہے، سب ہلکے بھاری اجسام کہ زمین سے برابر فاصلے پر ہوں ایک ہی رفتار سے ایک ہی آن میں زمین پر گرتے کہ اُن میں آپ تو کوئی میل ہے نہیں جذب سے گرتے اور اس کا اثر سب پر برابر ایک حصہ مادے کو زمین نے ایک قوت سے کھینچا اور دس حصے کو دہ چند قوت سے تو حاصل وہی رہا کہ ہر حصہ مادہ کے مقابل ایک قوت لہذا اثر میں اصلاً فرق نہ ہوتا مگر ہوتا ہے بھاری جسم جلد آتا ہے اور ہلکا دیر میں اس کا سبب بیچ میں ہوائے حائل کی مقاومت ہے بھاری جسم سے جلد مغلوب ہو جائے گی کم روکے گی جلد آئے گی، ہلکے سے دیر میں متاثر ہوگی۔ زیادہ روکے گی دیر لگائے گا۔ اس کا امتحان آلہ ایر پمپ سے ہوتا ہی جس کے ذریعہ ہوا برتن سے نکال لیتے ہیں۔ اس وقت روپیہ اور روپے برابر کاغذ یا پر ایک ہی رفتار سے زمین پر پہنچتے ہیں یہ حاصل ہے اس کا جو چار صفحوں سے زائد میں لکھا۔

(عہ ا: اصول علمِ طبعی، صفحہ ۱۰ تا صفحہ ۱۵، ۱۲) 8

مندرجہ بالا عبارت اصولِ علمِ طبعی کے صفحہ 10 تا 15 پر موجود، اور وہاں سے لی گئی، جس میں قدرے وضاحت کے ساتھ نیوٹن کی تھیوری کو پیش کیا گیا اور مجذوب کے ماس کو مد نظر رکھا گیا اور اس طرح کششِ ثقل یا گریوی ٹیشن کو ایک باہمی قوت کے طور پر پیش کیا گیا (لیکن یہاں بھی انفرادی قوت کے بیان کی کمی ہے، جو کہ سراسر غلط ہے)۔ اس عبارت میں وہی بات کی گئی ہے جو پہلے اوپر گریویٹیشنل فورس یعنی g کے بارے میں کی گئی جس کی قیمت 9.8 N/Kg ہے۔ یعنی ایک کلوگرام کو ایک گنا طاقت سے اور دس کلوگرام کو دس گنا طاقت سے اٹریکٹ کیا جائے گا، اور اس طرح سب اجسام ایک ہی وقت میں زمین کی طرف آئیں گے اگر درمیان میں ہوا نہ ہو تو۔ عام طور ہوا کی مزاحمت کی وجہ سے سب اجسام برابر وقت میں نیچے نہیں آتے اور بھاری جسم مزاحمت پر جلد قابو پالینے کی وجہ جلد نیچے آجاتا ہے۔ اب یہاں پے پھر جدید سائنس پر اعتراض اٹھا کہ مزاحمت پر قابو پالینے کا مطلب کیا ہے؟ یہی نا کہ ہوا کو جلدی سے اپنے راستے سے ہٹا دینا یا اس پر غالب آجانا۔ لیکن وہ کونسی چیز ہے جو بڑے اجسام کو چھوٹے اجسام کی نسبت زیادہ اس قابل بناتی ہے کہ وہ آسانی سے ہوا پر غالب آجائیں اور ہوائی مزاحمت کا مقابلہ کریں؟ جدید سائنس کے مطابق وہ جسم کا ماس ہے، یعنی جتنا ماس زیادہ اتنا

جلد مزاحمت پر غلبہ، مگر سوال بر قرار ہے کہ ماس زیادہ ہونے سے ایسا کیا ہوا کہ وہ جلد مزاحمت پر قابو پا گیا؟ اس کا سادہ سا جواب یہی ہے کہ جتنا ماس زیادہ ہو گا اتنا ہی وہ ہوا پر دباؤ زیادہ ڈالے گا اور جلد غالب آئے گا۔ دباؤ ڈالنے سے کیا مراد؟ نیچے جھکنا، یعنی جتنا زیادہ نیچے کی طرف جھکے گا اتنا ہی دباؤ زیادہ اور اتنی جلدی مزاحمت پر قابو۔ تو جب وہ خود نیچے کی طرف جھک رہا ہے تو زمین کسے کھینچ رہی ہے؟ اگر یہ کہا جائے کہ چونکہ اس کا ماس زیادہ ہے اس لیے اس کو زمین زیادہ کشش سے کھینچ رہی ہے اور جتنی کشش زیادہ اتنا ہی جلد وہ مزاحمت پر قابو پائے گا، تو اس صورت میں دونوں کو برابر وقت میں نیچے آنا چاہیے جیسا کہ وہ ہوا کی غیر موجودگی میں آتے ہیں، اس لیے کہ اگر اس کا ماس زیادہ ہونے سے کشش کی قوت زیادہ ہو گی تو ماس زیادہ ہونے سے انرشیا بھی تو زیادہ ہوتا ہے جو کہ اس جسم کی زمین کی طرف حرکت کے خلاف چھوٹے جسم کی نسبت زیادہ مزاحمت کرے گا اور دیر سے آنا چاہیے گا۔ یعنی چھوٹے جسم کے لیے ہوا کی مزاحمت دیر کا سبب اور بڑے کے لیے مزاحمت بوجہ انرشیا، اور چھوٹے جسم کا انرشیا کم ہونے سے وہ جلد آنا چاہیے گا۔ فی الحال یہی کہا جاتا ہے کہ برابر وقت میں آنا چاہیے حالانکہ یہ بھی کہا جا سکتا ہے کہ چھوٹے یا ہلکے جسم کو جلد آنا چاہیے کہ خلافِ حرکت مزاحمت، بوجہ انرشیا کم ہے، لیکن یہ اعتراض ہوا کے اس پر زیادہ مزاحم ہونے کی وجہ سے ابھی نہ کیا۔ یہاں پے ماس کی نسبت، انرشیا اور ہوا کی مزاحمت سے، ذہن نشین رہے، پھر کانسیپٹ سمجھنے میں آسانی ہو گی۔ چونکہ مشاہدہ میں ہلکی چیز دیر سے آتی ہے اور بھاری جلدی سے، اس لیے برابر آنے والا تصور باوجود بہانہ مزاحمتِ ہوا کے غلط ہوا۔ (وضاحت آگے ہے۔)

اب ایک بنیادی نکتہ کی طرف بڑھتے ہیں جو پہلے بھی بیان ہو چکا کہ زمین کی طرف سے مختلف اجسام پر مختلف فورس عمل کرتی ہے یعنی g کی نسبت سے، یہ کانسیپٹ بھی غلط ہے (یاد رہے کہ پہلے اس نظریہ کے صرف طرزِ بیان کو غلط کہا گیا تھا) کیونکہ زمین ایک فزیکل جسم ہونے کی وجہ سے سب اجسام پر یکساں فورس لگاتی۔ مثال کے طور پر ایک مشین 10 نیوٹن کی فورس لگا رہی ہے تو وہ سب پر اتنی ہی لگا رہی ہے اور ہلکے اور بھاری جسم کا فرق نہیں کر رہی۔ باقی رہی بات اٹریکشن کی تو، کشش کی قوت دو اجسام کے درمیان دونوں اجسام کے ماس کا لحاظ رکھے گی مگر دونوں اجسام کی انفرادی قوت کانسٹنٹ ہی رہے گی۔ مثال کے طور پر زمین ایک کلو گرام پر 9.8 N کی فورس لگا رہی ہے تو دس کلو گرام پر بھی اتنی ہی فورس لگائے مگر دس کلو گرام کا جسم زمین پر ایک کلو گرام کی نسبت زیادہ فورس لگائے گا کیونکہ دونوں کے ماس میں فرق ہے۔ لیکن زمین کا ماس تو کانسٹنٹ ہے، وہ ایک کلو گرام اور دس کلو گرام پر ایک ہی ماس سے عمل کرے گی اور زمین کی طرف سے لگنے والی فورس سب اجسام پر یکساں ہو گی البتہ اجسام کے فرق کو مد نظر رکھتے ہوئے دونوں کے درمیان کشش کی باہمی قوت کم یا زیادہ ہو سکتی ہے۔ اس کو سمجھانے کے لیے ایک اور سادہ مثال پیش کی جاتی ہے جو کہ صرف سمجھنے کے لیے ہے۔ فرض کریں کہ ایک کلو گرام کا ماس 1 نیوٹن کی فورس آف اٹریکشن لگاتا ہے دس کلو گرام پر، اسی طرح دس کلو گرام کا جسم 10 نیوٹن کی فورس آف اٹریکشن 1 کلو گرام پر لگاتا، جب وہ دونوں ایک دوسرے کو کشش کر رہے ہیں۔ اب ہم 10 کلو گرام اور 20 کلو گرام کے درمیان فورس آف اٹریکشن کو دیکھتے ہیں۔ دس کلو گرام کا وہ جسم جو 1 کلو گرام پر 10 نیوٹن کی فورس لگا رہا تھا، وہ 20 کلو گرام پر کتنی فورس لگائے گا؟ 10 نیوٹن ہی لگائے گا نا؟ کیونکہ اس کا ماس ہی پہلے جتنا ہے اور فورس آف اٹریکشن ماس کے مطابق ہوتی ہے، لیکن جب 20 کلو گرام کا جسم 10 کلو گرام پر 20 نیوٹن کی فورس لگائے گا تو اب ان کی باہمی فورس فرض کریں 30 نیوٹن ہو گئی، یعنی 20 نیوٹن 20 کلو گرام والے کی اور 10 نیوٹن 10 کلو گرام والے کی۔ جب 1 کلو گرام والے اور 10

کلو گرام والے کی باہمی فورس آف اٹریکشن دیکھیں تو وہ 11 نیوٹن ہو گی، یعنی 10 نیوٹن 10 کلو گرام والے کی اور 1 نیوٹن 1 کلو گرام والے۔ ایسا نہیں ہوا کہ 10 کلو گرام والا 1 کلو گرام کے مقابلے میں آئے تو فورس کم کر دے اور 20 کلو گرام والے کے مقابلے میں آ کر زیادہ کر دے، اس میں جتنا مادہ یا ماس ہو گا وہ اتنی فورس ہی لگائے گا۔ تو زمین کا ماس بھی کانسٹنٹ ہے اور وہ ہلکے اور بھاری تمام اجسام پر ایک ہی فورس آف اٹریکشن لگائے گی۔ اس کی رو سے نیوٹن کا تیسرا قانون غلط ہوا کہ عمل اور ردِ عمل برابر ہوتے ہیں۔ اگر زمین 10 کلو گرام پر بالفرض 100 نیوٹن کی فورس لگا رہی ہے اور اس کے رد عمل میں وہ 10 کلو گرام کا جسم بھی 100 نیوٹن کی فورس لگائے گا، مگر یہی 100 نیوٹن کی فورس جب ایک کلو گرام کے جسم پر لگے گی تو کیا وہ اپنے ماس کے لحاظ سے 100 نیوٹن کی فورس لگا سکتا ہے؟ ہر گز نہیں۔ اور اس سے ایک اور نکتہ سامنے آیا کہ جب دونوں اطراف سے لگنے والی فورسز برابر ہیں تو مخالف سمت ہونے کی وجہ سے کسی کو بھی اپنی جگہ سے حرکت نہیں کرنی چاہیے کہ اگر دو آدمی ایک رسے کو برابر فورس سے کھینچیں تو کوئی بھی اپنی جگہ سے نہ حرکت کرے گا اور اپنی پوزیشنز پر برقرار رہیں گے۔ مگر نیوٹن کے تیسرے قانون کو غلط کہیں گے تو ساری سپیس سائنس ہی غارت ہو جائے گی کہ اسی قانون کی رو سے تو راکٹ خلا میں جاتے ہیں اور اسی طرح یہ قانون سائنس کی رو سے ہر جگہ پایا جاتا ہے۔ یہی مجذوب کو دیکھتے ہوئے قوت لگانے یا اٹریکٹ کرنے کی غلطی کولمب کے چارجز کے قانون میں بھی پائی جاتی ہے، مگر وہاں یونٹ پوزیٹو چارج کے ذریعے یہ غلطی دور کرنے کی کوشش کی جاتی ہے جو کہ کافی حد تک کارگر ہے اگرچہ پرفیکٹ نہیں۔ نیوٹن کے تیسرے قانون کو غلط کہنے کی نسبت تھیوری آف گریویٹیشن کو غلط کہنا آسان ہے۔

چونکہ یہ واضح ہو چکا کہ زمین کا ماس کانسٹنٹ ہونے کی وجہ سے ہر چیز پر ایک ہی فورس لگائے گی اور وہ فورس اس چیز کے وزن w کے برابر ہو گی۔ اس طرح تو ہر چیز کا وزن برابر ہونا چاہیے۔ اس پر فوز مبین کی عبارات ذیل میں دی گئی ہیں، ان کو سمجھ کو ان کا رد کیا جائے تا کہ فوز مبین پر کیے جانے والے اعتراضات صحیح ثابت ہوں۔

دلائل نیوٹن ساز جاذبیت گداز:

ردّ بست و ہشتم: جب ترک اجسام اجزائے ثقیلہ بالطبع سے ہے اور اس کی تصریح خود نیوٹن سازنے کی (۸) تو قطعاً جسم ثقیل بلا جذب جاذب خود اپنی ذات میں ثقیل ہے اور ثقیل نہیں مگر وہ کہ جانب ثقل جھکنا چاہے دو چیزوں میں جو زیادہ جھکے اسے دوسری سے ثقیل تر کہیں گے۔ تو ثابت ہوا کہ یہ اجسام بذات خود بے جذب جاذب ثقل ہے۔ اس سے زیادہ میل طبعی کا ثبوت اور جاذبیت کا بطلان کیا درکار ہے جس کا خود مخترع جاذبیت نیوٹن کو اقرار ہے۔

ردّ بست و نہم: اقول: ظاہر ہے کہ جذبِ زمین (گریویٹیشن) اگر ہو تو وہ نہیں مگر ایک تحریک قسری اور ہر جسم میں قوتِ ماسکہ (انرشیا) ہے جسے حرکت سے ابا (انکار) ہے اور اس کا منشا جسم کا ثقل وزن ہے۔ (نمبر ۳) تو زمین جسے جذب کرے گی اس کا وزن جذب کی مقاومت کرے گا تو ضرور وزن ذات جسم میں ہے اور وزن ہی وہ شے ہے جس سے پلڑا جھکتا ہے تو میل ثقل طبیعت کا مقتضٰی ہے تو جذب لغو و بے معنی ہے، وبعبارۃ اخری بداہۃً معلوم کہ اجسام اپنے جذب کو مختلف قوت چاہتے ہیں، پہاڑ اس قوت سے نہیں کھینچ سکتا جس سے رائی کا دانہ، یہ اختلاف ان کی ثقل کا ہے جسم جتنا بھاری ہے اس

کے جذب کو اتنی ہی قوت درکار ہے۔(۱۱) کہ ثقل خود جسم میں ہے قوتِ جذب سے پیدا نہیں بلکہ قوتِ جذب کا اختلاف اس پر متفرع ہے، یہی میل طبعی ہے۔ 9

(نوٹ: ان عبارات میں وہی بات ہے جو پہلے بیان ہو چکی کہ بھاری اجسام کا ہوا پر جلد غالب آنے سے کیا مراد ہے؟ اس کا جواب اوپر گزر چکا۔ ایک اور نکتہ جو یہاں بیان ہوا وہ ہے کہ نیوٹن کی عبارت کے مطابق جو زیادہ ثقیل ہو گا وہ جانبِ ثقل زیادہ جھکے گا، جب وہ خود ہی جھک رہا ہے تو دوسرے کا کھینچنا کیا ہوا؟ اور اگر نیوٹن کی اس عبارت سے یہ مراد لی جائے کہ جو زیادہ ثقیل ہو گا وہ زیادہ اٹریکٹ ہو گا، تو پھر اس میں نیوٹن کا طرزِ بیان غلط ہوا اور اس غلطی نے جدید سائنس میں کئی مزید غلط فہمیاں پیدا کیں، خاص ان کے لیے جو لکیر کے فقیر ہیں۔ دوسری طرف، اگر نیوٹن کا یہ مطلب لیا جائے جو مؤالاخر الذکر ہے تو اس پر پھر وہی اعتراضات لازم آئیں گے جو باہمی قوت کے کلام میں بیان کیے گئے اور بات پھر وہی آجائے گی۔ ان عبارات میں جو نمبر ہیں یعنی،8،3،11، وہ فوز مبین کے مقدمہ موجود میں سائنسی کتب کی عبارات ہیں۔)

دلائل بر بنائے اتحاد واثر جذب:

نمبر ۱۲ میں گزرا کہ چھوٹے بڑے، ہلکے بھاری تمام اقسام اجسام پر اثر جذب یکساں ہے، اگر موافقت ہوا نہ ہوتی تو سب جسم ایک ہی رفتار سے اُترتے اور ہیت جدیدہ کو اس پر اتنا وثوق ہے کہ اسے مشاہدہ سے ثابت بتاتی ہے۔ مشاہدہ سے زیادہ اور کیا چاہیے۔ یہ دلائل اسی نمبر کی بناء پر ہیں۔

رَدِّ سیم: اقول: اجسام کا نیچے آنا جذب سے ہوا اور اس کا اثر سب پر یکساں ہو، اور وزن اسی سے پیدا ہوتا ہے۔(۱۵) تو لازم ہے کہ تمام اجسام کا وزن برابر ہو، رائی اور پہاڑ ہم وزن ہوں کانٹے، ترازو، باٹ سب آلاتِ وزن چھوٹے ہو جائیں، بازاروں کا نظام درہم برہم ہو جائے اگر کہیے وزن جذب سے پیدا ہوتا ہے اور جذب بحسب مادہ مجذوب ہے۔(۱۱) تو جس میں مادہ زیادہ اس پر جذب زیادہ اور جس پر جذب زیادہ اس کا وزن زیادہ۔

اقول: اولاً: ۱۱۔ مردود محض ہے کما تقدم۔

ثانیاً وا ھی وزنوں سے کام نہیں چلتا۔ وزن زیادہ ہونے کی حقیقت یہ ہے کہ نیچے زیادہ جھکے جو زیادہ نہ جھکے جسم میں کتنا ہی بڑا ہو وزن میں زیادہ نہیں ہو سکتا، جیسے لوہے کا پنسیر اور پان سیر رُوئی کے گالے، اور زیادہ جھکنا تیزی رفتار کو مستلزم۔ ظاہر ہے کہ مثلاً دس گز مسافت سے نیچے اترنے والی دو چیزوں میں جو زیادہ جھکے گی اس مسافت کو زیادہ طے کرے گی کہ یہ مسافت جھکنے ہی سے قطع ہوتی ہے۔ جس کا جھکنا زیادہ اس کا قطع زیادہ، تو اسی کی رفتار زیادہ اور ہیئت جدیدہ کہہ چکی کہ جذب پر چھوٹے بڑے ہلکے بھاری میں مساوی رفتار پیدا کرتا ہے کہ خارج سے روک نہ ہو تو باقتضائے جذب سب برابر اتریں تو جذب سب کو یکساں جھکاتا ہے، اور یہی حامل وزن تھا روشن ہوا کہ جذب سب میں یکساں وزن پیدا کرتا ہے اور وزن نہیں مگر جذب سے، تو قطعاً تمام اجسام رائی اور پہاڑ ہم وزن ہوئے اس سے بڑھ کر اور کیا سفسطہ ہے، لاجرم جذب باطل بلکہ اجسام میں خود وزن ہے اور وہ اپنے میل سے آتے ہیں، جو بڑے ہیں چھوٹے سے زائد، لہذا اس کی رفتار زائد۔

رَدّ سی وکیم: اقول: ہر عاقل جانتا ہے کہ نیچے اترنے والے جسم کا ہوا کو زیادہ چیرنا زیادہ جھکنے کی بناء پر ہو گا، اگر اصلاًنہ جھکے اصلاًنہ چیرے گا کہ جھکے کم شق کرے گا زیادہ تو زیادہ لیکن ثابت ہو چکا کہ جذب سب اجسام کو برابر جھکاتا ہے تو سب ہوا کو برابر شق کریں گے پھر ہوا سے اختلاف کرنا دھوکا ہے تو واجب کہ رائی اور پہاڑ ایک ہی چال سے اتریں، اور یہ جنون ہے، ہلکا بھاری کہنا محض مغالطہ ہے، بھاری وہ زیادہ جھکے، جب کوئی آپ نہیں جھکتا سب کو جذب جھکاتا ہے اور وہ سب کو برابر جھکاتا ہے، تو نہ کوئی ہلکا ہے کہ ہوا پر کم دباؤ ڈالے نہ بھاری کہ زیادہ۔

رَدّ سی ودوم: ہر عاقل جانتا ہے کہ مزاحمت طلب خلاف سے ہوتی ہے جو چیز نیچے جھکنا چاہے اور تم اسے اوپر اٹھاؤ کہ مزاحمت کرے گی اور جو جتنا زیادہ جھکے گی زیادہ مزاحم ہو گی۔ اور دو چیزیں کہ برابر جھکیں مزاحمت میں بھی برابر ہوں گی کہ مخالف مساوی ہے اور ابھی ثابت ہو چکا کہ نیچے جھکنے میں تمام اجسام برابر ہیں تو کسی میں دوسرے سے زائد مزاحمت نہیں تو جس طاقت سے تم ایک پنیسرا اٹھا لیتے ہو اسی خفیف راز سے پہاڑ کیوں نہ اٹھالو، اور اگر پہاڑ نہیں اٹھتا تو کنکری کیسے اٹھا لیتے ہو؟ اس پر بھی تو جذب زمین کا ویسا ہی اثر ہے جیسا پہاڑ پر، یہاں تو ہوا کی روک کا بھی کوئی جھگڑا نہیں اور وزن کی گند اوپر کٹ چکی کہ اس میں وزن کے سوا کچھ باقی نہیں۔ (یہاں پر فوز مبین کی عبارات ختم ہوئیں) 10

مندرجہ بالا عبارات کا خلاصہ بیان کیا جاتا ہے تاکہ آسانی سے سمجھا جاسکے۔

نیوٹن کی حرکت کی تین مساواتیں ذہن میں رکھیے جو کہ مندرجہ ذیل ہیں:

$$v_f = v_i + gt$$

$$s = v_i t + \frac{1}{2} g t^2$$

$$v_f^2 = v_i^2 + 2gs$$

یہ بالترتیب حرکت کی پہلی، دوسری اور تیسری مساوات ہے۔ ویسے تو ہوا کی غیر موجودگی میں ہلکے اور بھاری اجسام کا ایک ہی وقت، ایک ہی بلندی سے نیچے آنا یہ ثابت کرتا ہے کہ ان کی نیچے آنے کی سپیڈ بھی ایک جیسی ہو گی، اور g کی قیمت ویسے سب کے لیے ایک۔ چونکہ دونوں اجسام ایک خاص بلندی سے پھینکے گئے ہیں تو اس لیے ان کی ابتدائی ولاسٹی ایک جیسی یعنی زیرو ہو گی اور اسی طرح آخری ولاسٹی بھی ایک جیسی ہو گی کیونکہ وقت ایک، ابتدائی ولاسٹی ایک، بلندی کا فاصلہ ایک، اور گریویٹیشنل ایکسلریشن کی قیمت بھی ایک۔ اگر کسی کو کوئی شک ہو تو نیوٹن کی مندرجہ بالا مساواتوں سے تسلی کر سکتا ہے کہ جو بیان کیا جا رہا ہے وہ صحیح ہے۔ چونکہ سب اجسام کی ہر چیز یکساں ہے اس لیے وہ مزاحمت یعنی ہوا کو بھی یکساں ہی شق کریں گے کیونکہ ہوا کی غیر موجودگی میں یکساں جھکنے والے اجسام ایک ہی جیسی مزاحمت پر بھی ایک طرح ہی غالب آئیں گے، اورر اس طرح ہوا کی موجودگی میں بھی ان کو ایک ساتھ ہی نیچے آنا چاہیے، مگر مشاہدہ اس کے الٹ ہے کہ بھاری چیز جلد آتی ہے اور ہلکی دیر سے۔ اگر نیوٹن کے گریویٹی کے نظریہ کو بچانا ہے تو اس کی حرکت کی مساواتوں کو کوڑے میں پھینکنا ہو گا یا گریویٹی کے طرح اس میں بھی ردوبدل کر کے ماڈرن نیوٹونین تھیوری کی طرح ماڈرن حرکت کی مساواتیں بنانا ہوں گی یا اکٹھے نیچے آنے والی بونگی کو رد کرنا ہو گا، مگر اس سے پہلے یہ وضاحت بھی دینا ہو گی کہ اتنے عرصے سے جو چیزیں

حرکت کر رہی ہیں اور جن مساواتوں کی بنیاد پر خلا میں شٹلز اور دیگر اشیاء بھیجی جاتی ہیں اور جن مساواتوں کی بنیاد پر پوری کلاسیکی فزکس پڑھائی جاتی رہی وہ غلط تھی۔

اور طرفہ یہ کہ وزن برابر ہو گا تو

$$W=mg$$

کی روسے تو ماس بھی برابر ہو گا۔ اور ماس برابر ہونے کی صورت میں مزاحمت پر یکساں اثر انداز ہونا اور بھی واضح ہوا کہ

$$mgh = \frac{1}{2}mv^2 + fh$$

سپیڈ، بلندی اور g کی قیمت تو پہلے ہی یکساں تھی اب ماس بھی برابر ہو گیا تو ہوا کی فرکشن f بھی برابر ہی ہو گی۔ اور ماس کا برابر ہونا تو سراسر عقل وسائنس کے خلاف مگر یہی سائنس ان باتوں کو مانتی اور ایسی عقل کی پیروی کرتی ہے۔ اگر یہ اعتراض کیا جائے کہ یہ فارمولا درست نہیں تو اس کا ثبوت فراہم کیا جائے، اور اگر بالفرض غلط ہی مان لیا جائے تو ڈریگ فورس والے فارمولا سے انکار کیسے کریں گے؟

For a spherical object falling in a medium, the drag force is

$$F=6\pi r\eta v$$

where r is the radius of the object, η is the viscosity of the fluid, and v is the object's velocity.

یعنی جب ہلکا اور بھاری جسم ایک ہی والیم یا ریڈیس کے ہوں تو ان کی ولاسٹی ایک جیسی ہونے کی وجہ سے ان پر ہوا کی وجہ سے مزاحمت بھی ایک ہی ہو گی۔ اور یہاں پے جو فورس ہے وہ وزن رکھا جائے تو وہ پہلے ہی ثابت ہو چکا کہ زمین ہر چیز ہر ایک ہی فورس لگاتی ہے اس لیے وزن برابر ہونا چاہیے، مزید ایک ہی وقت میں نیچے آنا اس کو اور بھی سپورٹ کرے گا۔ یعنی کہ ایک غلط چیز کو ثابت کرنے لے لیے نیوٹن کے پیروکار کئی درست چیزوں کو غلط ثابت کرتے ہیں پھر بھی آ جا کر اپنی ہی مساواتوں کی زد میں آ گرتے ہیں۔ اب جب کہ ایک چھوٹا اور بڑا جسم خلا میں ایک ہی سپیڈ کے ساتھ حرکت کریں گے تو ان کا ماس برابر ہونے کی وجہ سے ان کا مومنیٹم بھی برابر ہو گا اور اگر ایک ہی ریڈیس والے دائرے میں حرکت کریں گے تو دونوں کی سینٹری پیٹل فورس بھی برابر ہو گی جو کہ جدید فزکس کے مطابق سراسر غلط ہے اس کے علاوہ بھی بہت سارے عوامل ہیں جو ماس کے فرق کے ساتھ منسلک ہوتے ہیں جب کوئی فرق نہیں رہے گا تو یہ عوامل غلط ہوں گے۔

جاذبیت یعنی گریویٹی پر فوزِ مبین کی بحث بہت طویل ہے مگر یہاں صرف ایک چند عبارات پیش کیں کہ فوزِ مبین کا طرزِ دلیل سامنے آ سکے۔ باقی دلائل کے لیے فوزِ مبین سے رجوع کیا جائے۔

فوز مبین کے بارے میں اس قسم کی گفتگو کو تنقیدی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے، حالانکہ فوز مبین کے مصنف نے یہ باتیں تو کی ہیں ان عبارات کی بنیاد پر ہیں جو جدید سائنس کی کتب میں مذکور ہیں اور ابھی بھی نصاب میں شامل ہیں، اور ان عبارات میں بہت تضاد بھی پایا جاتا ہے جس کی تفصیل فوز مبین کے مقدمہ میں دیکھی جاسکتی ہے۔ معترضین جب اعتراض کرتے ہیں تو یا تو وہ فوز مبین سے بالکل ناآشنا ہیں، یا وہ اس کو سمجھ نہیں سکے، یا فقط عناد رکھتے ہیں اور یہ سب بھی نہیں تو وہ جدید سائنس کے نظریات سے ہی ناواقف ہیں۔ ان کو چاہیے، یا تو ان عبارات کا انکار کر دیں اور کہہ دیں کہ وہ عبارات اس وقت کی یا دورِ حاضر کی کتب میں موجود نہیں ہیں یا پھر یہ کہہ دیں کہ عبارات موجود تو ہیں مگر غلط ہیں۔ اور جتنی عبارات یا نظریات اوپر ذکر کیے گئے وہ ابھی بھی تعلیمی نصاب اور دوسری کتبِ جدیدہ میں موجود بلکہ ان کی اشاعت کی جاتی ہے اور سائنس سے لگاؤ رکھنے والے بچے کو بھی ان کا علم ہے۔ مگر معترضین کی کم علمی و کج فہمی اور عناد پر کیا جواب دیا جائے؟ بحث بھی اسی سے کی جاتی ہے جس کو کچھ بنیادی باتوں کا علم ہو مگر یہ تو سرے سے سائنسی میدان سے ناواقف ہیں۔ کبھی نافرہ کا انکار کر دیتے ہیں اور سینٹری فیوگل فورس کے بارے میں کہتے ہیں کہ وہ کوئی چیز نہیں، کبھی زمین کے کھنچنے اور باہمی فورس کو آپس میں ملا کر جہالت پر مبنی بات کر کے مقصد پورا کر لیتے ہیں۔

حیرت اس بات کی بھی ہوئی کہ اب نیوٹن کی تھیوری کو کئی طرح سے رد کیا جا چکا اور اس کے مقابل کئی اور تھیوریز آچکیں، اور تو اور گریوی ٹیشن کا ہی انکار کیا گیا اور کرنے والے کون؟ وہ بھی جدید سائنس کے سائنسدان اور ماہر مگر فوز مبین پر اعتراض کرنے والوں کو یہ علم کہاں؟ وہ تو اس قابل ہی نہیں کہ جدید سائنس کے نظریات اور جدید ریسرچ کا مطالعہ کر سکیں۔ اور معلوم کر سکیں کہ جو باتیں اور جس طریق سے ردِ کششِ ثقل فوز مبین کے مصنف نے کیا، آج بھی اس نظریہ کششِ ثقل کو اسی طریق سے رد کیا گیا اور کیا جا رہا ہے۔

ایک اور اعتراض سامنے آیا کہ مصنفِ فوز مبین ان فارمولوں اور کیلکولیشنز کو کیسے غلط ثابت کر سکتے ہیں جن کو نیوٹن حسابی اعمال سے ثابت کر چکا ہے؟ نیوٹن ثابت کر چکا ہے تو وہ غلط ہی نہیں ہو سکتی؟ کیا سائنس میں نئی دریافتوں کے ساتھ پہلی چیزیں غلط ثابت نہیں ہوئیں؟ بہت سے ایسے فارمولا بیسڈ کانسیپٹ تھے جو بعد میں غلط ثابت ہوئے۔ دوسری بات یہ ہے کہ یہ اعتراض بذاتِ خود ایک جہالت ہے، اس لیے کہ بجائے اس کے کہ فوز مبین کو پڑھا جاتا اور اس کے رد میں دلائل دیے جاتے صرف یہ کہہ دیا گیا کہ چونکہ نیوٹن ان کو حسابی اعمال سے ثابت کر چکا اس لیے وہ غلط نہیں ہو سکتے۔ نیوٹن ثابت کر چکا تھا تو کیونڈش کو G کی قیمت کیوں معلوم کرنا پڑی؟ نیوٹن تو خود ہی چاند کو مد نظر رکھ کر حسابی طور پر اس سے مایوس ہو چکا تھا۔ تیسرا یہ کہ یہی نکتہ ہے کہ نیوٹن نے ثابت کیا مگر غلط کیا۔ یعنی ایک شخص فارمولا بناتا ہے تو وہ فارمولا غلط بھی تو ہو سکتا ہے، نہ کہ یہ لازم ہے کہ وہ ہمیشہ درست ہی ہو۔ اس کے علاوہ فوز مبین کی مدد سے اوپر ایک، دو نظریات پر بحث کر کے اس کو غلط ثابت کیا جا چکا ہے، اگر ان دلائل کو غلط ثابت کر دیں تو فوز مبین کے باقی دلائل پر بھی بات ہو جائے گی۔ چونکہ معترضین سائنس پر اندھا اعتماد کرنے والے ہیں اس لیے اسی سائنس سے بھی نیوٹن کے خلاف بہت کچھ لکھا جاتا اور اس پر لوجیکل اور میتھمیٹکل اعتراضات کیے جاتے ہیں، معترضین کو چاہیے کہ وہ پڑھ لیں اور اپنی سائنس کی ہی مان لیں۔ اس کی ایک مثال یہاں پیش کی جاتی ہے کہ 2014ء میں Advances in Historical Studies نامی جرنل میں ایک آرٹیکل پبلش ہوا جس کا ٹائٹل Three Criticisms of Newton's Inductive Argument in the *Principia* تھا، اس آرٹیکل کے مصنف

Relativity, however, Einstein began wondering if there is not indeed one kind of motion which may be considered "absolute" in that it can be detected by the physical effect it exerts on the moving system itself—without reference to any other system. For example, an observer in a *smoothly* running train is unable to tell by experiments performed inside the train whether he is in motion or at rest. But if the engineer of the train suddenly applies the brakes or jerks open the throttle, he will then be made aware, by the resulting jolt, of a change in his velocity. And if the train rounds a turn, he will know by the outward tug of his own body, resisting a change of direction, that the train's course has been altered in a certain way. Therefore, Einstein reasoned, if only one object existed in the entire universe—the earth, for example—and it suddenly began to gyrate irregularly, its inhabitants would be uncomfortably aware of their motion. This suggests that non-uniform motion, such as that produced by forces and accelerations, may be "absolute" after all. It also suggests that empty space can serve as a system of reference within which it is possible to distinguish absolute motion.

To Einstein, who held that space is nothing and motion is relative, the apparently unique character of non-uniform motion was profoundly disturbing. In the Special Theory of Relativity he had taken as his premise the simple assertion that the laws of nature are the same for all systems moving *uniformly* relative to one another. And as a steadfast believer in the universal harmony of nature he refused to believe that any system in a state of non-uniform motion must be a uniquely distinguished system in which the laws of nature are different. Hence as the basic premise of his General Theory of Relativity, he stated: the laws of nature are the same for all systems regardless of their state of motion. In developing this thesis he worked

out new laws of gravitation which upset most of the concepts that had shaped man's picture of the universe for three hundred years.

* * *

Einstein's springboard was Newton's Law of Inertia which, as every schoolboy knows, states that "every body continues in its state of rest, or of uniform motion in a straight line, unless it is compelled to change that state by forces impressed thereon." It is inertia, therefore, which produces our peculiar sensations when a railroad train suddenly slows down or speeds up or rounds a curve. Our body wants to continue moving uniformly in a straight line, and when the train impresses an opposing force upon us the property called inertia tends to resist that force. It is also inertia which causes a locomotive to wheeze and strain in order to accelerate a long train of freight cars.

But this leads to another consideration. If the cars are loaded the locomotive has to work harder and burn more coal than if the cars are empty. To his Law of Inertia Newton therefore added a second law stating that the amount of force necessary to accelerate a body depends on the mass of the body; and that if the same force is applied to two bodies of different masses, then it will produce a greater acceleration in the smaller body than in the bigger one. This principle holds true for the whole range of man's everyday experience—from pushing a baby carriage to firing a cannon. It simply generalizes the obvious fact that one can throw a baseball farther and faster than one can throw a cannon-ball.

There is, however, one peculiar situation in which there appears to be no connection between the acceleration of a moving body and its mass. The baseball and the cannon-ball attain exactly the same rate

of acceleration when they are *falling*. This phenomenon was first discovered by Galileo, who proved by experiment that, discounting air resistance, bodies all fall at precisely the same rate regardless of their size or composition. A baseball and a handkerchief fall at different speeds only because the handkerchief offers a larger surface to the resistance of the air. But objects of comparable shape, such as a marble, a baseball, and a cannon-ball, fall at the same rate. (In a vacuum the handkerchief and the cannon-ball would fall side by side.) This phenomenon appears to violate Newton's Law of Inertia. For why should all objects travel vertically at the same velocity regardless of their size or mass, if those same objects, when projected horizontally by an equal force, move at velocities that are strictly determined by their mass? It would appear as though the factor of inertia operates only in a horizontal plane.

Newton's solution to this riddle is given in his Law of Gravitation, which states simply that the mysterious force by which a material body attracts another body increases with the mass of the object it attracts. The bigger the object, the stronger the call of gravity. If an object is small, its inertia or tendency to resist motion is small, but the force that gravity exerts upon it is also small. If an object is big, its inertia is great, but the force that gravity exerts upon it is also great. Hence gravity is always exerted in the precise degree necessary to overcome the inertia of any object. And that is why all objects fall at the same rate, regardless of their inertial mass.

This rather remarkable coincidence—the perfect balance of gravitation and inertia—was accepted on faith, but never understood or explained, for three centuries after Newton. All of modern mechanics and engineering grew out of Newtonian concepts, and the heavens appeared to operate in accordance with his

laws. Einstein, however, whose discoveries have all sprung from an inherent distrust of dogma, disliked several of Newton's assumptions. He doubted that the balance of gravitation and inertia was merely an accident of nature. And he rejected the idea of gravitation being a force that can be exerted instantaneously over great distances. The notion that the earth can reach out into space and pull an object toward it with a force miraculously and invariably equal to the inertial resistance of that object seemed to Einstein highly improbable. So out of his objections he evolved a new theory of gravitation which, experience has shown, gives a more accurate picture of nature than Newton's classical law.

67

دیے گئے صفحات سے بخوبی سمجھا جاسکتا ہے کہ آئن سٹائن نے بھی کھل کر حرکتِ زمین کا اقرار نہیں کیا بلکہ الٹا بقیہ کائنات کی حرکت کا قائل ہے، اور بقیہ کائنات کا زیادہ حصہ ستاروں پر مشتمل ہے اور سورج بھی ایک ستارہ ہے۔ دوسری جانب حرکت کو ریلیٹو قرار دے کر زمین کے سکون کے امکان کی سپورٹ کی اور ایبسولیوٹ موشن کی وضاحت کرتے ہوئے بھی واضح کہا کہ ایسی حرکت محسوس ہوتی ہے۔ اور اس سے بڑھ کر مصنف نے صفحہ 63 کی سطور 16 تا 18 میں واضح کیا کہ اس وقت زمین کی حرکت کو ثابت کرتا کوئی فزیکل تجربہ نہ ہوا تھا، یاد رہے کہ یہ کوئی اتنی پرانی بات نہیں بلکہ سابقہ صدی کی بات ہے۔ یعنی گلیلو کے 3 سے 4 صدیوں کے بعد بھی حرکتِ زمین کے بارے کوئی فزیکل تجربہ نہ ہو سکا۔ اس کے علاوہ آئن سٹائن نے نیوٹن کی تھیوری آف گریویٹیشن پر کچھ اعتراضات کیے جن میں سے ایک اس نظریہ کے متعلق تھا کہ سپیس میں یا ہوا کی غیر موجودگی میں کم اور زیادہ ماس ایک ساتھ نیچے آتے ہیں۔ اور اس نے نیوٹن کے دوسرے قانون کو اس نظریہ کے خلاف پایا اور گریویٹی کو فورس ماننے سے انکار کیا اور ایک نئی تھیوری آف گریوی ٹیشن متعارف کروائی۔ یعنی کہ نیوٹن کی تھیوری نہ ہی انرشیا کو صحیح طرح بیان کر پائی اور نا ہی ایک ساتھ نیچے آنے والے نظریے کو ثابت کر پائی (صفحہ 65،66،67)۔

ایک اور بات جو قابلِ غور ہے کہ نیوٹن کے نظریات و مساواتوں کی بنیاد پر بہت سی سائنسی ترقی کی گئی اور مکینکس اور انجینئرنگ میں کافی ایڈوانسمنٹ ہوئی (صفحہ 66)، باوجود اس کے کہ آئن سٹائن نے ثابت کیا کہ نیوٹن کے بہت سے نظریات غلط تھے، اور ظاہر ہے اس کی کیلکولیشنز بھی غلط تھیں جس کو بارہا ثابت بھی کیا جا چکا۔ نکتہ یہ ہے کہ کوئی نظریہ دینا، یا فارمولا دینا یا کوئی مساوات پیش کر کے اس پر یہ دلیل بنانا کہ اس کی رو سے بہت سی سائنسی ترقی ہوئی، ایسی دلیل ناکافی ہے۔ اس لیے کہ اصلیت اور فارمولا یا مساوات میں فرق ہوتا ہے۔ ذرا غور کریں کہ جب ہندسوں کا تصور بھی نہیں تھا، نا ہی کسی کو گنتی آتی تھی، نا کوئی یہ جانتا تھا کہ پتھروں کو کس قوت اور فرکشن کے ساتھ رگڑا جائے تو کتنی انرجی پیدا ہوتی ہے۔ کسی کو یہ بھی علم نہیں تھا کہ ہوائی چکی کو چلانے کے لیے ہوا کو کتنی فورس لگانا پڑے گی۔ کوئی یہ بھی نہیں جانتا تھا کہ کتنی فورس لگا کر وہ 10 میٹر کی بلندی پر کوئی پتھر پھینک سکتا ہے۔ مگر کیا یہ سب کام ہوتے نہیں رہے؟ کیا ہوا نے چکی نہیں چلائی، پتھر کو اوپر نہیں پھینکا گیا؟ یقیناً سب کام ہوئے مگر کونسے فارمولے اور مساوات کے تحت؟ فرض کریں کہ ایک شخص نے فورس لگا کر پتھر کو 10 میٹر اوپر پھینک دیا، مگر یہ 10 کیا ہے؟ یہ 10 تب تو نہیں تھا۔ ہو سکتا ہے وہ شخص اس بلندی کو کسی اور نشان سے ظاہر کرتا ہو۔ یہ بھی ممکن ہے کہ آج کے 10 کو کوئی اور شخص صرف 0 سے ظاہر کرتا ہو، یعنی وہ چیزیں گن رہا ہے اور جب 10 چیزیں ہو جاتی ہیں تو وہ ایک زیرو (0) لگا دیتا ہے، اور جب بیس ہو جائیں گی تو وہ دو زیرو یعنی 00 لکھ دے گا۔ مگر چیزوں کی اصل تعداد تو اتنی ہی ہے، چاہے اس کو کسی بھی نشان سے ظاہر کیا جائے۔ اسی طرح فارمولا اور مساوات سے بھی جو مرضی قیمت لے آئیے اور ایسا ممکن ہے مگر کچھ شرائط کے ساتھ مگر اصلیت تو برقرار رہے گی اور وہ ایک ہی ہے۔ مثال کے طور پر یہ کہا جاتا ہے کہ زمین ایک کلوگرام پر N 9.8 فورس لگاتی ہے، مگر میں کہتا ہوں کہ زمین ایک کلوگرام پر بیس نیوٹن فورس لگاتی ہے اور اسی طرح دس کلوگرام پر اٹھانوے نیوٹن کی بجائے 200 نیوٹن فورس لگاتی ہے، اور اسی طرح میں زمین کی متعلقہ مساواتوں اور فارمولوں میں ہر جگہ N 9.8 کی جگہ بیس نیوٹن لکھ دوں یا میں N 9.8 کو بیس نیوٹن سمجھ لوں تو کیا ہو گا؟ کیا زمین کی اصل میں لگائی جانے والی فورس تبدیل ہو جائے گی؟ کیا وہ واقع اپنی قوت کو زیادہ کر کے اس لیول تک لے آئے گی جسے دوسرے لوگ 20 کہتے ہیں؟ ایسا نہیں بلکہ اصل قوت تو وہی رہے گی جو ہے، اب چاہے اس کو 20 سے ظاہر کریں، 10 سے کریں یا 9.8 سے کریں۔ اس لیے مکینکس میں یا کسی اور رشاخ میں ترقی کر لینے کا مطلب یہ نہیں کہ مساوات یا فارمولا بلکل صحیح ہی ہو، ہو بھی سکتا ہے، مگر لازمی نہیں۔ بلکہ یہ ساری شاخیں پریکٹیکل اور تجرباتی ہیں تو اصل تجربہ سے ایک نسبت اور اندازا حاصل ہوتا ہے کہ اگر یوں کیا تو یہ ہوا، اور اگر ایسا کریں گے تو وہ ہو جائے گا۔ اسی طرح سینٹری پیٹل فورس کی بحث میں ولاسٹی کے ویکٹر کی مقدار تبدیل کر کے اپنی پسند کی قیمت نکالی جا سکتی ہے۔ اس کانسیپٹ کو سمجھنا مشکل اور سمجھانا اور بھی مشکل ہے، اس لیے اس کانسیپٹ کی وجہ سے بہت سی انگلیاں بھی اٹھیں گی۔

مذکورہ بالا صفحات (63، 64) سے یہ بھی معلوم ہوا کہ سپیشل ریلٹیویٹی کے مطابق ایبسولیوٹ موشن کو محسوس کیا جا سکتا ہے اور جب کسی چیز میں ایکسلریشن پیدا ہو گا یعنی جب وہ یونیفارم ولاسٹی سے حرکت نہیں کر رہا یا اپنی ولاسٹی تبدیل کرتا ہے تو یہ ایبسولیوٹ حرکت محسوس ہونی چاہیے۔ فرض کیا زمین کی حرکت یونیفارم ہے، مگر یہ تبدیل بھی تو ہوتی ہے، اس وقت جب کہ سورج سے دور یا بالکل قریب ہو کیونکہ اس کا مدار بیضوی ہے نہ کہ بالکل گول۔ دوسری بات کہ حرکتِ زمین کے قائلین کے مطابق پولز یا قطبین پر، ایکویٹر یا خطِ استوا پر اور ان کے درمیان سپیڈ مختلف ہوتی ہے، تو جب ایک

سپیڈ زون سے نکل کر دوسرے میں داخل ہو رہے ہوں تو حرکتِ زمین محسوس ہونی چاہیے۔ اور اس سے بڑھ کر ضرب لگائی جب کہ صفحہ 64 کی سطور 20، 21، 22 بیان کیں، اور ان سطور میں لکھا کہ ایبسولیوٹ فورس اس وقت پیدا ہوتی ہے جب مختلف فورسز لگائی جائیں یا ایکسلریشن پیدا ہو۔ زمین کی حرکت چاہے اپنے ایکسز کے گرد ہو یا مدار میں، دونوں میں ولاسٹی کی سمت تبدیل ہوتی ہے، اور سمت کی تبدیلی ایکسلریشن پیدا کرتی ہے اور اس سے پیدا ہونے والی ایبسولیوٹ حرکت کو محسوس ہونا چاہیے، اور ہمیں ایسا کچھ محسوس نہیں ہوتا۔ اور اس پر طرفہ یہ کہ اس کتاب کا مقدمہ آئن سٹائن نے خود لکھا۔

Julian Barbour نے اپنی کتاب Absolute or Relative Motion میں لکھا کہ اگرچہ گلیلو کے نظریہ کو ساڑھے تین صدیاں بیت گئیں مگر ابھی بھی یہ کہنا مشکل ہے کہ آیا زمین حرکت کرتی ہے یا نہیں، اور اگر کرتی ہے تو کس طرح؟30

حرکتِ زمین کی ویڈیوز اور سیٹلائٹس کی حقیقت

اس رسالہ کی مخالفت کی ایک وجہ یہ بھی ہے کہ کچھ معترضین سمجھتے ہیں کہ چونکہ یہ ٹیکنالوجی کا دور ہے اس لیے اب تو ناسا اور اسی طرح کی دوسری سائنسی تنظیمات اور ادارے حرکت زمین کی ویڈیوز بھی ریکارڈ کر چکے ہیں اور اب سب کچھ ہم اپنی آنکھوں سے دیکھ چکے ہیں۔ اس کے جواب میں فقط اتنا کہا جاتا ہے کہ اس کا جواب بھی اسی سوال میں ہے یعنی "ٹیکنالوجی"۔ اسی ٹیکنالوجی کے ذریعے اینیمیٹڈ ویڈیوز بنائی جاتی ہیں اور اسی ٹیکنالوجی کے ذریعے سائنسی و غیر سائنسی حقائق کو چھپا کر عوام کو وہ کچھ دکھایا جاتا ہے جو دکھانا چاہتے ہیں، اور یہ بات کسی سے ڈھکی چھپی نہیں کہ میڈیا کی کارستانیاں کیا ہیں، اور کس طرح سے اس ٹیکنالوجی کو ذہن سازی اور بشمول سائنس ہر میدان میں جنگی آلہ کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے۔ جو ٹیکنالوجی فلموں میں ایسے سین پیدا کرے کے عقل دنگ رہ جائے اور سب کچھ حقیقت پر مشتمل نظر آئے وہ سائنسی میدان میں بھی ایسی فلمیں چلا سکتی ہے اور اس کو تسلیم کرنا کوئی بڑی بات نہیں۔ دورِ حاضر میں ناسا کی ویڈیوز کو حرکتِ زمین کے حق میں پیش کیا جاتا ہے، مگر اس کا کیا ثبوت ہے کہ یہ ویڈیوز اینیمیٹڈ نہیں بلکہ حقیقی ہیں؟ کیا اس لیے ان کو حقیقی مان لیا جائے کہ ناسا کہہ رہا ہے؟ چلیں فرض کرتے ہیں یہ حقیقی ویڈیوز ہیں، مگر پھر ان ریاضیاتی اور آسٹرونومیکل دلائل کا کیا جائے جو اسی ناسا کی جدید سائنس کی بنا پر حرکتِ زمین کو باطل قرار دیتے ہیں؟ یعنی وہی جدید سائنس جب فارمولوں اور کیلکولیشنز یا حسابی اعمال پر آتی ہے تو سکونِ زمین کی تائید کرتی ہے اور جب انہی فارمولوں پر بنائی گئی ٹیکنالوجی پر آتی ہے تو زمین کو حرکت کرتا دکھائی دیتی ہے۔ اب ان دونوں میں سے ایک کو ہی چنا جائے گا نا؟ یا حسابی کیلکولیشنز غلط ہیں یا ویڈیوز ہی اینیمیٹڈ ہیں۔ اگر حسابی اعمال کو غلط قرار دیا جائے تو پھر تو کلاسیکی فزکس کی سب کی سب کشتی ہی ڈوب گئی اور کلاسیکی فزکس کی بنیاد ہی ختم ہو گئی۔ اب سوال یہ ہے کہ بھلا فارمولوں کی مدد سے زمین ساکن کیونکر ہونے لگی؟ بلکہ یہی فارمولے اور مساواتیں تو حرکتِ زمین ثابت کرتے ہیں۔ بالکل یہی نکتہ سمجھانا چاہ رہا تھا اور اسی نکتہ سے فوزِ مبین اور اس کے مصنف کی اہمیت کا اندازہ ہو گا۔ جیسا کہ پہلے فوزِ مبین کے تعارف میں بتایا گیا اس رسالہ میں ماڈرن سائنس خصوصاً کلاسیکی فزکس جس کی بنیاد نیوٹن سے منسوب ہے، اسی سائنس کے فارمولوں، اصولوں اور حسابیات سے اسی سائنس کے نظریات کو رد کیا گیا ہے اور مصنف نے کوئی خود ساختہ نظریہ یا سائنس کا ایسا اصول نہیں بنایا کہ جس کو جدید سائنس نہ مانتی ہو۔ اس رسالہ میں چونکہ 105 عقلی و ریاضیاتی دلائل ہیں اور یہ سو سے زائد صفحات پر مشتمل ہے، اس لیے اس

رسالہ کے سب کے سب دلائل کو ذکر کرنا ممکن نہیں، بلکہ یہاں مقصود صرف یہ ہے کہ جدید سائنس کی اصطلاحات اور ضوابط مثلاً انرشیا، ماس، وزن، گریوٹیشن، نیوٹن کے حرکت کے قوانین، سینٹری فیوگل فورس، زمین کی آر بیٹل اور سپن یا محوری موشن، موسموں اور ہوا کا تغیر، زمین، سورج اور چاند کا سائز، محیط، قطر، اور باہمی فاصلہ وغیرہ، نظریہ مدوجزر یا ٹائڈل ویوز کی پیدائش، کیپلر کے قوانین اور دیگر متعلقات کو استعمال کرتے ہوئے مصنف نے اسی جدید سائنس پر کاری ضرب لگاتے ہوئے نظریہ حرکتِ زمین کا رد کیا اور زمین کو ساکن کیا اور کوئی سائنسدان بھی ان دلائل کو غلط ثابت نہ کر پایا باوجود اس کے کہ اس رسالہ کو لگ بھگ ایک صدی ہو گئی۔ بلکہ گزرتے وقت کے ساتھ جہاں اس پر کم علم اور بے تکے اعتراض ہو رہے ہیں، وہاں اہل علم حلقہ اور فلسفیانہ و سائنٹیفک سرکل میں اس کو مزید پذیرائی بھی مل رہی ہے۔ جب فقیر کو یہ مقالہ لکھنے کے حکم دیا گیا تو اس وقت بھی عرض کیا گیا کہ سیدی امام احمد رضا خان بریلوی رحمۃ اللہ علیہ کے رسالہ فوزِ مبین کے ہوتے ہوئے کسی مقالے کی ضرورت نہیں ہے کیوں کہ اس رسالہ کا رد ابھی تک نہ ہوا اور نہ ہی تا قیامت ہو سکے گا ان شاء اللہ تعالیٰ بفضلِ الٰہ اور وسیلہِ مصطفیٰ سے۔ اس لیے اگر کوئی سکونِ زمین کے حامیوں سے کوئی دلیل مانگے تو اس کو اس رسالہ کا مطالعہ ضرور کرنا چاہیے تا کہ وہ یہ بھی جان سکے کہ جس ماڈرن سائنس اور ٹیکنالوجی پر وہ اندھا اعتماد کرتا ہے، اس کی اصلیت کیا ہے۔ تو اس رسالہ سے بفضلِ تعالیٰ یہ روزِ روشن کی طرح عیاں ہے کہ جدید سائنس کے بہت سے اصول آپس میں ہی ایک دوسرے کے خلاف ہیں اور اسی وجہ سے ان پر بنیاد بنا کر ویڈیوز بنانا فقط ایسا ہی ہے کہ دنیا کے لوگوں کے بچہ سمجھ کر ان کے ہاتھ میں اینیمیٹڈ ویڈیوز کی شکل میں کھلونا دینا تا کہ وہ مصروف عمل رہے اور ان کی بنائی ہوئی جدید سائنس پر اندھا دھند یقین کر کے ذہنی غلامی کے مراتب طے کرتا جائے۔ کاش معترضین رسالہ فوزِ مبین کو پڑھنے اور سمجھنے کے قابل ہوتے اور دیکھتے تو کہتے کہ ہم خود اپنی آنکھوں اور اپنی عقل سے وہ ریاضاتی دلائل دیکھ اور سمجھ چکے ہیں جن کی بنا پر سکونِ زمین لازم آتا ہے اور وہ بھی جدید سائنس کے فارمولوں کے مطابق اس لیے ہم ان ویڈیوز اور حرکتِ زمین کو نہیں مانتے، سوائے اس صورت میں کہ ان فارمولوں کو غلط قرار دے کر نئے میتھیمیٹیکل فارمولوں سے روشناس کروایا جائے۔

مزید بر آں، فی الحال چند ویڈیوز ہی لانچ کی گئی ہیں جن میں یہ دعویٰ کیا گیا ہے کہ وہ خلا سے بنائی گئی ہیں، یاد رہے کہ ان کی تعداد ایسی نہیں کہ ان کو بے شمار کہا جا سکے۔ بلکہ ناسا اور دیگر آفیشل ویب سائٹس پر بمشکل چار، پانچ کے قریب ہی ایسی ویڈیوز ملتی ہیں جن میں یہ دعویٰ کیا گیا کہ یہ زمین کے مشاہدات ہیں جو خلا سے کیے گئے ہیں، باقی سب کی سب ویڈیوز کی وضاحت میں یا تو اینیمیٹڈ لکھا گیا ہے یا ٹائم لیپس بیسڈ، اور وہ بھی اس طرح بنائی گئی ہیں کہ بعض اوقات پورے ماہ، یا سال کی تصویروں کو جوڑ کر ایک ویڈیو کی شکل میں چلا دیا گیا ہے اور ان پر کمپیوٹر جنریٹڈ ایمجری یعنی سی جی آئی کا اثر واضح اور نمایاں دیکھا جا سکتا ہے۔ 31، 32 لیکن افسوس ہے کہ جتنی بھی ویڈیوز معترضین پیش کرتے ہیں، بلکہ پیش کہاں کرتے ہیں، جن کے بارے میں وہ بات کرتے ہیں وہ سب کی سب اینیمیٹڈ اور سی جی آئی بیسڈ ہیں، یعنی ان کی کوئی وقعت نہیں۔ باقی رہی وہ ایک چند ویڈیوز جن میں زمین کے مشاہدات کا دعویٰ کیا گیا ہے تو اس میں یہ کہیں بھی نہیں دعویٰ کیا گیا کہ وہ جس کیمرہ سے لی گئی ہیں وہ ساکن تھا اور زمین حرکت کر رہی تھی (یہ معترضین خود ہی اٹکل پچو لگا لیتے ہیں اور اس کو خلائی اداروں کے سر تھوپ دیتے ہیں، حالانکہ ویڈیوز کی بنیاد پر ان کے ہی کسی معتبر ادارے نے حرکتِ زمین کا دعویٰ نہیں کیا، سوائے ان پہنچے ہوؤں کے جن کی علمی حیثیت ان کے اعتراضات سے واضح ہو گئی)، بلکہ وہ جس فورم کے ذریعے لی گئی ہیں اس کو آئی ایس ایس

یعنی انٹرنیشنل سپیس سٹیشن کہتے ہیں کو کہ پانچ اداروں کا مشترکہ سپیس سٹیشن ہے جس میں سے دو روس اور امریکہ ہیں۔ اگر کوئی اس سسٹم کے بارے میں معلومات تلاش کرے تو اس کو پتا چلے گا کہ یہ سسٹم اوسطاً 400 کلومیٹر کی بلندی کے آربٹ میں گردش کرتا جو کہ تقریباً 51 ڈگری کا جھکاؤ خطِ استوا کے ساتھ بناتا ہے، المختصر محرک ہے اور سات ہزار تین سو میٹر فی سیکنڈ کی رفتار سے حرکت کر رہا ہے۔ 33، تو جب کیمرہ ہی محرک ہے نظارہ تو ایسا ہی بنے گا کہ زمین محرک ہے، حالانکہ محرک کیمرہ ہے۔ اس کا ثبوت اس سے بھی ملتا ہے کہ جو ویڈیوز زمین کے مشاہدات کا نظارہ کرواتی ہیں، ان میں سے ایک آدھ میں ستارے بھی حرکت کرتے نظر آرہے ہیں جو کہ اصل میں کیمرہ کی حرکت ہے۔ اس کا ایک اور ثبوت یہ ہے کہ جب بھی ایسی ویڈیوز سامنے آئیں تو اس میں زمین کیمرہ کے مخالف سمت میں ہی حرکت کر رہی ہے جس کا صاف مطلب یہ ہے کہ اصل میں کیمرہ اوپر سفر کر رہا ہے اور زمین اس کے مخالف چلتی معلوم ہوتی ہے بالکل ایسے ہی جیسے کوئی شخص ایک گاڑی میں یا جہاز میں سفر کر رہا ہو تو زمین یا ارد گرد کے ماحول کو پیچھے چھوڑتا جاتا ہے اور ایسے معلوم ہوتا ہے کہ زمین پیچھے کی طرف محرک ہے۔ سائنسی رپورٹس کے مطابق مختلف اقسام کے کیمروں سے ہزاروں فوٹوگراف لیے گئے ہیں اور یہ فوٹوگراف تب سے لیے جارہے ہیں جب سے مشن مرکری شروع ہوا جو کہ 1950ء کی بات ہے۔ اس کے بعد کئی مشنز بھیجے گئے اور فوٹوگرافی کا سلسلہ جاری رہا، جس میں 1960 میں تقریباً 55 فوٹوگراف لیے گئے جو کہ دستی کیمروں سے لیے گئے تھے، پھر اس کے بعد جمنی مشن میں 2400 فوٹوگراف لیے گئے اور پھر 2000ء تک نو مشنز میں 22000 زمین کی امیجز لی گئی۔ 2000ء میں آئی ایس ایس کا آغاز ہوا اور تب سے لے کر 2013ء تک اس کے ذریعے 12 لاکھ امیجز حاصل کیے گئے اور مرکری مشن سے لے کر 2013ء تک کل 15 لاکھ امیجز ہو گئے۔ اس کے بعد 2014ء میں ہائی ڈیفینیشن ارتھ ویزولائزیشن (ایچ ڈی ای وی) کے تحت چار کیمرے آئی ایس ایس پر بھیجے گئے۔ مرکری مشن سے لے کر 2014ء تک کسی بھی کیمرہ سے ویڈیو امیجری کا دعویٰ نہیں کیا گیا اور جتنا مواد بھی فراہم کیا گیا وہ اس کے لیے فوٹوگراف کا لفظ استعمال کیا گیا اور بعض اوقات کسی مواد کے لیے امیجری کا لفظ استعمال کیا گیا۔ البتہ 2014ء کے ایچ ڈی ای وی کے کیمروں سے حاصل کردہ مواد کے لیے ویڈیو امیجری کا لفظ استعمال کیا گیا اور ان کیمروں کو خاص ویب سائٹس کے ذریعے لائیو بھی چلایا گیا اور ان ویب سائٹس میں پرانی ریکارڈڈ ویڈیوز بھی دکھائی جاتی ہے۔ 34، 35 ان ریکارڈڈ ویڈیوز سے صاف پتا چلتا ہے کہ ریکارڈ کرنے والا کیمرہ حرکت کر رہا جبکہ زمین بالکل ساکن ہے جیسا کہ پہلے بھی بتایا جا چکا اور اس طرح یہ ویڈیو بھی سکونِ زمین کی تائید کرتی ہے۔ بہر حال آئی ایس ایس کی طرف سے ابھی ویڈیوز بھیجی جارہی ہیں اور ابھی حال یعنی 2020ء کی بھی 4 ویڈیوز نظر سے گزری جن کی وضاحت میں ٹائم لیپس لکھا گیا تھا، مگر یہ ویڈیوز بھی زمین کی حرکت کو رد کرتی اور سکونِ زمین کی بھرپور تائید کرتی ہیں اور اہل انصاف کو چاہیے کہ ان کو دیکھے اور خود فیصلہ کرے، یہ ویڈیوز اور باقی بھی تصاویر یا ویڈیوز ناسا کی ویب سائٹ برائے فوٹوگرافی پر دیکھی جاسکتی ہیں جس کا ٹائٹل "اے گیٹ وے ٹو آسٹرونائٹ فوٹوگرافی آف ارتھ" ہے۔ 36

اس میں ذرا اضافہ کریں تو کچھ ویڈیوز ایسی بھی ہیں جن میں خلا میں بذریعہ گیسی غبارہ یا جسے خلائی غبارہ بھی کہتے ہیں، کافی بلندی پر جایا گیا دکھایا گیا ہے ایک ویڈیو میں یہ بلندی 60000 فٹ تھی اور اس بلندی پر زمین تو کیا ایک چیز بھی حرکت کرتی دکھائی نہیں دیتی۔ 37 اس طرح کی کافی اور ویڈیوز بھی

ہیں جن سے صاف پتا چلتا ہے کہ زمین ساکن ہے اور نہ کہیں ان ویڈیوز کی بنیاد پر حرکتِ زمین کا دعویٰ کیا گیا اور نہ ہی ان سے حرکت ثابت ہوئی، یعنی یہ ویڈیوز تو الٹا سکونِ زمین ثابت کر رہی ہیں۔

اگرچہ اس پر مزید بحث کی جاسکتی ہے مگر اسی پر اکتفا کرتے ہوئے خلاصہ یہ ہے کہ اول تو اس قسم کی ویڈیوز اینیمیٹڈ اور سی جی آئی بیسڈ ہونے کی وجہ سے قابل اعتماد نہیں اور اگر ان کو یا ان ویڈیوز کو جن کے بارے میں یہ دعویٰ کیا گیا ہے کہ وہ اصل ہیں، مان لیا جائے تو بھی یہ حرکتِ زمین کا رد کرتی اور زمین کی سکونیت کو ثابت کرتی ہیں، اور ان کی بنیاد پر نامور اداروں نے حرکتِ زمین کا دعویٰ بھی نہیں کیا۔ اس قسم کے دعوے صرف ان معترضین کی طرف سے ہوئے جن کو اینیمیٹڈ، سی جی آئی اور ٹائم لیپس کے بارے معلومات نہیں ہے اور اگر ہے بھی تو وہ صرف بطورِ ضد ایسا کرنے پر مصر ہیں۔

اس لیے اگر مشاہداتی دلیل کے طور پر ویڈیوز پیش کی جائیں، یا سیٹلائٹس کی حرکات و سکنات کو بطور دلیل پیش کیا جائے تو اس کی حقیقت اس مقالہ میں کھل چکی۔ سیٹلائٹس کی حرکات کو بطور دلیل پیش کرنا کسی صورت درست نہیں، اس لیے کہ ویڈیوز کی حقیقت پہلے کھل چکی جو کہ اکثر سی جی آئی بیسڈ ہیں، اس لیے سیٹلائٹس کی موجودگی بھی سائنسی حلقوں میں مشکوک ہے۔ اور ان سیٹلائٹس کے سب سے بڑے مخالفین فلیٹ ارتھرز ہیں جو کہ امریکہ جیسے ترقی یافتہ اور سائنسی ڈون جیسے ملک میں کافی تعداد میں پائے جاتے ہیں بلکہ فلیٹ ارتھرز کے نام پر پوری آرگنائزیشن کام کر رہی ہے۔ اور ویسے بھی سیٹلائٹس کا نہ ہونا کوئی محال نہیں ہے۔ ان کو ماننے میں جو عوامل ہمیں مجبور کرتے ہیں ان میں جی پی ایس سسٹم، ڈش انٹینا ٹیکنالوجی، ناسا اور دوسری آرگنائزیشنز کے سپیس پروگرامز (مثلاً آئی ایس ایس) وغیرہ شامل ہیں۔ ڈش انٹینا ٹیکنالوجی کا تو سادہ سا جواب ہے کہ چونکہ یہ الیکٹرومیگنیٹک ویوز پر مشتمل ہوتی ہے، اس لیے یہ ٹاورز کے ذریعے کنٹرول کی جاسکتی ہے جیسا کہ ریڈیو ٹرانسمشنز اور موبائل فونز کو کیا جاتا ہے۔ جی پی ایس سسٹم اور اسی ڈش ٹیکنالوجی کو کنٹرول کرنے کی ممکنہ صورت یہ بھی ہے کہ بجائے راکٹ کے، سیٹلائٹس کو گیسی غباروں کے ذریعے بھی خلا میں بھیجا جاسکتا ہے اور ایسا ہوتا بھی ہے، جیسا کہ برازیل میں گیسی غبارے کے ساتھ منسلک ایک سیٹلائٹ گری ہوئی بھی پائی گئی۔ دوسری ممکنہ صورت یہ ہے کہ خلا میں جا کر یا فضا میں ہی ہوائی جہاز کی طرز کی ٹیکنالوجی اور ڈرونز سے جی پی ایس سسٹم وغیرہ کو کنٹرول کیا جاسکتا ہے۔ اب ایک سوال یہ اٹھا کہ خلا میں تو ہوا ہی نہیں تو وہاں بھلا ڈرونز اور ہوائی جہاز کی طرز کی ٹیکنالوجی کیسے اڑان بھرے گی۔ اس کا پھر سے کوئی ٹھوس ثبوت نہیں کہ خلا میں ہوا کی بالکل عدم موجودگی ہے یا خلا میں کوئی جا بھی سکا یا نہیں۔ بہر حال اس کے لیے خلا میں جانے کی ضرورت ہی نہیں، کیونکہ آئی ایس ایس سسٹم بھی دعوؤں کے مطابق اوسط 400 کلو میٹرز کی بلندی پر ہی ہے جہاں کہ ہوا پائی جاتی ہے اور اس آئی ایس ایس کی ساخت بھی ہوائی جہاز کی طرح ہی ہے جس میں پروں کا کام سولر پلیٹیں کرتی ہیں۔ اور اس کے علاوہ لطف یہ کہ یہی آئی ایس ایس بھی کچھ عرصے بعد نیچے گرنے لگتا ہے تو اس کو بھی ہوائی جہاز کی طرح دوبارہ فیول استعمال کرتے ہوئے اوپر لے جایا جاتا ہے۔ 38 پھر سوال پیدا ہوتا ہے کہ جیو سیٹیشنری سیٹلائٹس ٹرانسمشنز کے لیے لازم ہیں، تو اس کا جواب بھی بہت سادہ ہے کہ ڈرونز نما سیٹلائٹس کو ایک جگہ پر ساکن بھی رکھا جاسکتا ہے جیسا کہ ہیلی کاپٹر ایک ہی جگہ پر اڑان بھر کر کھڑا رہتا ہے، اور چونکہ زمین ساکن ہے تو وہ اپنی جگہ پر ہی رہے گا، اور اگر یہ کہا جائے کہ نہ رہے گا تو ہیلی کاپٹر کیوں رہتا ہے؟ اس پر جو بونگی ماری جائے گی اس کے جواب کے لیے فوزِ مبین، حکمۃ البالغہ اور انٹرنیٹ سے مدد ملے گی۔ باقی رہا سپیس مشنز والا پوائنٹ، تو یہ تو ثابت ہو چکا کہ یہی سپیس ادارے سب سے بڑی فلمیں چلاتے ہیں، تو وہ بھی فلمیں

ہی ہیں جو کہ اگرچہ کوشش پر مشتمل ہیں۔ اس کا سب سے بڑا ثبوت اسکیپ ولاسٹی ہے جو کہ 11.2 کلومیٹر فی سیکنڈ ہے اور 9000 کلومیٹر کی بلندی پر 7.1 کلومیٹر فی سیکنڈ رہ جاتی ہے۔ اگر اسکیپ ولاسٹی اتنی ہی زیادہ ہے تو گیسی غباروں سے سیٹلائٹس اڑانے کی کیا ضرورت؟ اور پھر پرندوں، جہازوں، اور ڈرونز وغیرہ کا تو بیڑا ہی غرق ہے جو کہ بلندی پر جاسکتے اور اگر مسلسل فیول ملے تو کئی ہزار کلومیٹرز کی بلندی پر بہت کم ولاسٹی سے جاسکتے ہیں۔ فرض کیجیے کہ ایک ڈرون مسلسل اوپر جارہا ہے، اگر اسے مسلسل فیول ملتا رہے اور اس کی مشینری کام کرتی رہے تو کیا وہ اسکیپ نہیں کر جائے گا اور بہت ہی کم سپیڈ کے ساتھ؟ یا اس کو اسکیپ کرنے کے لیے اسکیپ 11.2 کلومیٹر فی سیکنڈ کی رفتار سے اڑنا ہوگا؟ اس کے علاوہ سپیس ادارے کئی دفعہ بے نقاب ہو چکے اور ان کی ویڈیوز میں بھی کئی غلطیاں پکڑی جاچکی باوجود اس کے کہ اس کے پاس انتہائی ماہر اور ایکسپرٹ موجود ہیں ایڈیٹنگ اور کری ایشن کے۔ ابھی حال ہی میں سپیس ایکس نے بہت بڑی تاریخ رقم کی اور راکٹ کے ذریعے خلاباز خلا میں بھیجے اور اس کی ویڈیو لائیو چلائی اور اس ایونٹ میں امریکی صدر ٹرمپ کو بھی مدعو کیا، تحقیق کرنے پر پتا چلا وہ ویڈیو تو پہلے ہی کسی اور یوٹیوب چینل پر 5 ماہ قبل دکھائی جاچکی ہے۔ ایک بہت ہی اہم نکتہ کہ بھلا اتنا بڑا ادارہ، اربوں کی فنڈنگ، اتنے ایکسپرٹ اور ماہرین، پھر بھی ایسی واضح غلطیاں؟ یہ ناممکن ہے۔ مگر ممکن ہے کیونکہ وہ جن کو دکھانا چاہتے ہیں وہ غلطیوں کو بھی سائنس کہہ کر ان کو سچ مان لیتے ہیں، کیونکہ خود تحقیق کا کوئی سوال ہی نہیں اس لیے جو بھی دکھا دے سب مان لیں گے، مگر شرط یہ ہے کہ دکھانے والا کوئی داڑھی کے بغیر، یورپی لباس زیب تن کیے اور فر فر انگریزی بولنے والا ہو، اور اس کے نام کے ساتھ مولوی نہ آتا ہو۔ لیکن یاد رہے کہ ہم سپیس شٹلز یا سیٹلائٹس کا بالکل انکار نہیں کرتے، ایسی چیزیں اگر ہوں اور وہ جیوسٹیشنری کہی جائیں یا زمین کے گرد کسی اور سپیڈ سے حرکت کرتی، اس سے نظریہ سکونِ زمین کو کوئی نقصان نہیں اور نا ہی ایسی چیزیں نظریہ سکون زمین کے خلاف دلیل کے طور پر پیش کی جاسکتی ہیں۔ اور اسی طرح یہ چیزیں نیوٹن کی تھیوری آف گریوی ٹیشن کو بھی ثابت نہیں کر سکتی، لہٰذا اگر کوئی اس طرح کی چیزیں یعنی سپیس شٹلز یا سیٹلائٹس موجود ہوں بھی تو ہمیں اس کے ماننے میں کوئی دقت نہیں کہ ان کے کام کرنے کے ممکنہ طریقے بیان ہو چکے۔

جہاں تک تعلق ہے ان دلائل کا جو نظریہ حرکتِ زمین والے، حرکتِ زمین کے حق میں پیش کرتے ہیں مثلاً موسموں کی تبدیلی، ہوا کی سمت، مدوجزر، دوسرے سیارے کی ریٹروگریڈ موشن، فوکالٹ پینڈولم، ایٹموسفیئر کی زمین کے ساتھ حرکت یا اسی طرح کے اور نکات، تو ان میں سے اکثر کا مدلل جواب فوزِ مبین میں دیا گیا ہے اور اس کے علاوہ الحکمۃ البالغۃ نامی رسالہ جو کہ مصنفِ فوزِ مبین مولانا احمد رضا خاں بریلوی رحمۃ اللہ علیہ کے غالباً ہمعصر عالم مولوی گوہر علوی رحمۃ اللہ علیہ کی تصنیف ہے جو کہ راولپنڈی کے قریب گوجر خاں کے رہنے والے تھے، میں دیا گیا ہے۔ اس کے علاوہ کتبِ جدیدہ میں بھی کئی اس موضوع پر آچکی اور اسی طرح کئی ریسرچ آرٹیکلز اور ویب سائٹس نے حرکتِ زمین کے قائلین کا تسلی بخش جواب دے کر ان کو رد کر رکھا ہے ایسی تحقیق انٹرنیٹ سے دیکھی جاسکتی ہے۔ 39، 40، 41 اس لیے اس مقالہ میں حرکتِ زمین کے قائلین کے ان اعتراضات کا جواب نہ لکھا گیا کہ پہلے ہی اس پر کافی ریسرچ موجود ہے۔ اس مقالہ کا اصل مقصد فوزِ مبین کے علمی، تحقیقی، فلسفیانہ، عقلی و منطقی مقام و پہلو کا تھوڑا سا عکس پیش کرنا ہے تاکہ قارئین انصاف فرمائیں کہ سکونِ زمین کے دلائل جو فوزِ مبین میں آئے ان کا جواب ممکن ہے یا نہیں؟ اور کیا فوزِ مبین جیسی تحقیق کو وقت کا ضیاع کہنا ٹھیک ہے؟ اور یہ جائزہ لینا کہ فوزِ مبین اور سکونِ زمین پر اعتراضات کرنے والوں کا علمی مقام کیا ہے، اور وہ کس بنیاد پر حرکتِ زمین کے قائل

ہیں؟ اگر کوئی صاحب علم، انصاف پسند اور بغض سے پاک یہ رسالہ دیکھے تو یقیناً یہی کہے گا کہ یہ دلائل حق پر مشتمل اور مضبوط عقلی، ریاضیاتی، اور فلسفیانہ دلائل ہیں اور اپنے موقف کی بھرپور تائید کرتے اور اس کو ثابت کرتے ہیں، مگر یہ وہی کہے گا جو ان دلائل کو سمجھنے کے قابل ہو۔ ایک بات ذہن نشین کیجیے کہ اس کلام میں سخت الفاظ ان کے لیے ہیں جو سب کچھ سمجھتے ہوئے فقط بغض و عناد کی بنیاد پر ایسے بے تکے اعتراضات کرتے ہیں وگرنہ سیکھنے سکھانے والوں کی عزت و تکریم باعثِ صد افتخار اور وہ سر آنکھوں پر۔

حاصلِ کلام

سائنس قدیم وجدید کی روشنی میں کم وبیش ایک صدی گزر جانے کے بعد بھی فوز مبین کے رد میں کوئی ثبوت پیش نہ کیا جاسکا اور نہ ہی کسی صاحبِ عقل و علم اور سائنس سے واقفیت رکھنے والے نے فوز مبین پر اعتراض کیا۔ اعتراض کرنے والوں کی فوز مبین سے عدم واقفیت اور اس کے ساتھ جدید سائنس سے عدم واقفیت و ذہنی غلامی، فوز مبین اور صاحبِ فوز مبین پر اعتراضات کا باعث بنتی ہے۔ نظریہ سکون و حرکتِ زمین میں سے سکونِ زمین کے دلائل مضبوط، فلسفیانہ، عقلی، اور حسابی طور پر اس نظریہ کو ثابت کرتے اور نظریہ حرکتِ زمین کی مخالفت کرتے ہیں۔ اسی طرح ماڈرن سائنس کے سائنسدانوں کی اکثریت نظریہ حرکتِ زمین کا کھل کر اقرار نہیں کرپائے اور جابجا سکونِ زمین اور مرکزِ زمین کے ماڈل کے امکان کو درست قرار دیتے ہیں۔ اس کے علاوہ حرکتِ زمین کے قائلین کی طرف سے پیش کیے جانے والے ثبوت بشمول خلائی اداروں کی طرف سے جاری کی جانے والی ویڈیوز، الٹا سکونِ زمین کے حق میں اور سکونِ زمین کو سپورٹ کرتے ہیں۔ نتیجے کے طور پر ماڈرن سائنس بھی صاحبِ فوز مبین کے حق میں ہی جاتی ہے مگر اسٹیبلشڈ سائنس، اپنی بد دیانتی کی وجہ سے جہاں ابھی تک نیوٹن کے فرسودہ خیالات کو قانون کا درجہ دیتی ہے وہاں پر اسی قانون کے خلاف تھیوری آف ریلیٹیویٹی کو ترجیح بھی دیتی ہے۔ سائنس کا مذہب سے گہرا تعلق اور سائنس مذہب کے تابع اور ہم بحمد تعالیٰ سائنس کو سب سے زیادہ ماننے والے ہیں مگر اندھی تقلید اور سائنس کی غلامی کے قائل ہرگز نہیں۔ اور اللہ کے فضل سے ہم اپنا الگ اسلامی سائنسی نظریہ رکھتے ہیں اور اس نظریہ پر قدیم و جدید سائنس و مذہب کو بطور ثبوت پیش کرسکتے ہیں اور ہر سطح پر سائنس و مذہب سکونِ زمین کو ہی ثابت کرتے ہیں۔ اور معترضین و نظریہ حرکتِ زمین کے قائلین سے درخواست کرتے ہیں کہ فوز مبین کے رد میں کوئی ثبوت لکھا جائے ورنہ اعتراضات کرنا کوئی بڑی بات نہیں۔

اس مقالہ میں فوز مبین سے ایک چند دلائل و اقتباسات پر کلام کیا، بقیہ رسالہ پر کلام کرنے کو کافی وقت درکار ہے اور فقیر اپنی تعلیمی و نجی مصروفیات کی بنا پر یہ وقت نہ دے سکا اور اس پر مزید تحقیق و کلام کے لیے 2021ء کا انتخاب کیا اور ان شاء اللہ تعالیٰ منصوبے و ارادے کے مطابق آئندہ سال اس موضوع پر پوری کتاب ترتیب دی جائے گی بشرطیکہ اللہ رب العزت نے مصطفیٰ کریم ﷺ کے وسیلہ سے زندگی بخشی اور سب کچھ منصوبے کے مطابق ہوا، ورنہ دیر کے لیے پہلے ہی معذرت کی جاتی ہے۔

فقیر شکر گزار ہے، ان سب دوست و احباب کا، جنہوں نے اس مسئلہ پر کسی بھی قسم کی رہنمائی و مدد فراہم کی بشمول معترضین کے، کہ جنہوں نے اس کام کو آسان کیا۔ تمام برادران بالخصوص برادرِ اکبر صاحبزادہ محمد نفیس قادری رضوی، انتہائی مشفق و مخلص دوست جناب ڈاکٹر علی حسنین بھٹہ صاحب

اور انتہائی قابلِ احترام اور تصوف و سائنس کے امتزاج کا چمکتا ستارہ، ہمارے استاذ قبلہ سر محمد کاشف اقبال قادری عطاری صاحب کا بے انتہا مشکور ہوں کہ غالباً پچھلے 4، 5 سالوں میں یہ حضرات کافی دفعہ اس موضوع پر لکھنے کا کہہ چکے ہیں۔ مگر ان سے معذرت بھی ہے کہ جس طرح کا اور جس لیول کا کام یہ لوگ چاہتے تھے اور فقیر کرنا چاہ رہا تھا، اس طرح کا کام بوجہ مصروفیات ابھی ممکن نہ ہو سکا اور منصوبے کے تحت اللہ رب العزت کے فضل اور وسیلہ مصطفیٰ ﷺ سے ان شاء اللہ تعالیٰ 2021ء میں آئے گا۔ اور آئندہ کام میں امید ہے کہ مذہب، سائنس اور تصوف کے حوالے سے ایک نئے پہلو کو بھی روشناس کروایا جائے گا اور بالخصوص صوفیاء کے زمین و آسمان اور کائناتی نظام کے بارے میں نظریات کا جائزہ پیش کیا جائے گا۔ فقیر بخوبی اس سے واقف ہے کہ اس میں کافی خامیاں ہیں مگر آئندہ آنے والی ریسرچ میں حتی الامکان یہ خامیاں اور کوتاہیاں دور کی جائیں گی، انشاء اللہ تعالیٰ۔ اللہ تعالیٰ، رسول اللہ ﷺ کے وسیلہ جلیلہ سے توفیق عطا فرمائے۔ آمین

حوالہ جات

1. امام احمد رضا خان بریلوی رحمتہ اللہ علیہ، فتاوی رضویہ، جلد 27، صفحہ 245، رضا فاؤنڈیشن، لاہور

2. ڈاکٹر عبد القدیر خان، فقید المثال مولانا احمد رضا خان بریلوی، روزنامہ جنگ، 5 دسمبر 2016

3. محمد رفیق منگلا، نیوٹن کے قوانین غلط ہیں، صفحہ 18-30، مئی 2011

4. مولانا شہزاد قادری ترابی، امام احمد رضا اور سائنسی تحقیق، صفحہ 159، زاویہ پبلشرز، لاہور، 2012

5. حکیم محمد سعید، امام احمد رضا کی طبی بصیرت، جہانِ رضا اکتوبر 1992ء

6. مولانا شہزاد قادری ترابی، امام احمد رضا اور سائنسی تحقیق، صفحہ 158، زاویہ پبلشرز، لاہور، 2012

7. امام احمد رضا خان بریلوی رحمتہ اللہ علیہ، فتاوی رضویہ، جلد 27، صفحہ 254، رضا فاؤنڈیشن، لاہور

8. امام احمد رضا خان بریلوی رحمتہ اللہ علیہ، فتاوی رضویہ، جلد 27، صفحہ 255، رضا فاؤنڈیشن، لاہور

9. امام احمد رضا خان بریلوی رحمتہ اللہ علیہ، فتاوی رضویہ، جلد 27، صفحہ 320، رضا فاؤنڈیشن، لاہور

10. امام احمد رضا خان بریلوی رحمتہ اللہ علیہ، فتاوی رضویہ، جلد 27، صفحہ 321، رضا فاؤنڈیشن، لاہور

11. Nicholas Maxwell, Three Criticisms of Newton’s Inductive Argument in the Principia, Advances in Historical Studies, Vol.3, No.1, 2-11, 2014

12. امام احمد رضا خان بریلوی رحمتہ اللہ علیہ، فتاوی رضویہ، جلد 27، صفحہ 296، رضا فاؤنڈیشن، لاہور

13. Ellery Schempp, Gravity: It's Only a Theory, Volume 27, Issue 5–6, September–December, 2007, Pages 43-44

14. PTB, Physics 11, page 124,Kamran Publishers Lahore, 2002

15. Timothy Clifton, Alternative Theories of Gravity, University of Cambridge, 2006

16. https://earthsky.org/space/chameleon-theory-gravity-alternative-general-relativity

17. SalvatoreCapozziello and MariafeliciaDe Laurentis, Extended Theories of Gravity, physics report, volume 509, issues 4-5, Pages 167-321, 2011

18. https://ned.ipac.caltech.edu/level5/ESSAYS/Bekenstein/bekenstein.html

19. Milgrom, M. (June 2014). "The MOND paradigm of modified dynamics". Scholarpedia. 9 (6): 31410. Bibcode:2014SchpJ...931410M.

20. Haugan, Mark P; Lämmerzahl, C (2011). "Einstein gravity from conformal gravity". arXiv:1105.5632 [hep-th].

21. Brouwer et al. First test of Verlinde's theory of Emergent Gravity using Weak Gravitational Lensing measurements, arXiv:1612.03034v2 [astro-ph.CO] 19 Dec 2016

22. https://qz.com/876531/a-theory-that-challenges-newtons-and-einsteins-gravity-and-nixes-dark-matter-passed-its-first-test/
23. Erik P. Verlinde, On the Origin of Gravity and the Laws of Newton, arXiv:1001.0785v1 [hep-th]
24. https://phys.org/news/2016-11-theory-gravity-dark.html

25. امام احمد رضا خان بریلوی رحمۃ اللہ علیہ، فتاوی رضویہ، جلد 27، صفحہ 246–250، رضا فاؤنڈیشن، لاہور

26. امام احمد رضا خان بریلوی رحمۃ اللہ علیہ، فتاوی رضویہ، جلد 27، صفحہ 246–247، رضا فاؤنڈیشن، لاہور

27. Stephen Hawking, The Grand design, page 23, , Bantam Books, New York, USA, 2010
28. Steven Wienberg, To Explain the World, page 133, Harper Collins Publisher, 2015
29. Lincoln Barnett, The Unverse and Dr. Einstein, pages 63-67, London Victor Gollancz Ltd. 1949
30. Julian Barbour, Absolute or Relative Motion, page 226, Cambridge University Press, UK, 1989
31. Vanderbolemen et al., A Researcher’s Guide to ISS(Earth Observations), NASA ISS Programe Science Office, 2017
32. https://eol.jsc.nasa.gov/Videos/CrewEarthObservationsVideos/
33. Vanderbolemen et al., A Researcher’s Guide to ISS(Earth Observations), NASA ISS Programe Science Office, 2017
34. Vanderbolemen et al., A Researcher’s Guide to ISS(Earth Observations), NASA ISS Programe Science Office, 2017
35. https://eol.jsc.nasa.gov/ESRS/HDEV/
36. https://eol.jsc.nasa.gov/Videos/CrewEarthObservationsVideos/
37. https://www.youtube.com/watch?v=GQpUFiXCRv4
38. Vanderbolemen et al., A Researcher’s Guide to ISS(Earth Observations), NASA ISS Programe Science Office, 2017
39. http://galileowaswrong.com/
40. http://www.atlanteanconspiracy.com/2015/08/200-proofs-earth-is-not-spinning-ball.htm?m=1
41. https://aeon.co/ideas/opposition-to-galileo-was-scientific-not-just-religious